
www.novelsclubb.com
تصنّع
از قلم حمنا مریم
Follow us!
Insta:@novelsclubb
FB: Novelsclubb
YouTube:@readwithlaiba

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول،افسانہ،شاعری، ناولٹ،کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک،انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842

تصنّع

از قلم

حمنا مریم

www.novelsclubb.com

ناول: تصنّع

بقلم: حمنا مریم

قسط نمبر: 05

آسمان کی نیلی چادر پر تاریکی کی دھاک تھی۔ گھڑی کی سوئیاں ایک بجا رہی تھیں۔ رات کے اس لمحے میں بارش کی رِم جِھم کے سُر سنتے، آکاش سے اترتی بوندوں میں بھیگتے، ساون کی جھڑی سے لطف اٹھاتے **طیار ہاؤس** میں آؤ تو ہر سو اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ بتیاں بجھی ہوئی تھیں۔ گھر کا ہر فرد خواب خرگوش کے مزے لے رہا تھا۔

اس گھر میں کوئی تھا جس کی آنکھوں سے نیند کوسوں دور تھی۔ اسکے کمرے میں نیلگوں روشنی تھی وہ میز پر کہنیاں ٹکائے ہوئے تھا۔ چہرہ ہاتھوں کے پیالے میں

تھا۔ بھوری آنکھیں سکیڑے، ماتھے پر شکنوں کا جال لیے وہ کسی گہری سوچ میں غرق نظر آتا تھا۔

ڈائری اسکے سامنے تھی۔ جلتی موم بتی سے موم پگھل پگھل کر بہہ رہا تھا۔ حالانکہ کمرے میں روشنی تھی مگر موم بتی؟

اسے موم بتیاں پسند تھیں۔ بچپن کا وہ حصہ جب بچے کھلونے اکھٹے کرتے ہیں وہ موم بتیاں خرید کر انہیں جمع کیا کرتا تھا۔

اس نے نظر کُھلے ورق پر جمالی۔ چند لفظ تھے جو موم بتی کی لو میں دکھائی پڑتے تھے مگر سمجھ میں نہیں آتے تھے یا اس نے سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔ اسکی آنکھوں میں کچھ پوشیدہ تھا۔

تعجب، خفگی، یا خوف۔ ان میں سے کچھ تو تھا۔

اس نے سرد آہ بھری۔یوں جیسے سکون کی سانس۔مگر سکون نہیں تھا۔وہ مضطرب دکھائی دیتا تھا۔

کوئی خوف تھا جو طاری تھا شاید کچھ کھونے کا۔

کوئی احساس تھا جو حاوی تھا شاید کچھ پانے کا۔

"پانے کی چاہ"اور"کھونے کا خوف"دونوں میں جنگ تھی اور ان میں پسنے والا رستم طیار خان تھا۔اس نے چہرہ اٹھالیا۔

موم بتی کی لو اسکے لکھے لفظ دکھانے سے قاصر تھی مگر اسکی آنکھوں میں نمی اس لو میں واضح تھی۔

www.novelsclubb.com

اب قلم اس کے ہاتھ میں تھا۔وہ ڈائری پر جھکا۔

ورق پر قلم رقص کرنے لگا۔وہ لکھتا جارہا تھا۔

دل کے جملے،دماغ کے اقتباس۔

بارش کی بوندیں کھڑکی کے پٹوں پر گرتی ہوئیں شور پیدا کر رہی تھیں۔وہ جو منہمک سا ادھوری خواہشات کو لفظوں کی لڑی میں پرو رہا تھا اسکی توجہ مبذول ہوئی اس نے سر اٹھایا۔

کھڑکی کے پٹوں پر بہتی بوندوں کو دیکھا تو کوئی منظر واضح ہونے لگا۔وقت کے اس حصے نے اسے خود کی جانب گھسیٹ لیا جس سے وہ فرار چاہتا تھا۔ کبھی کبھار وقت کتنا بے رحم ہو جاتا ہے ناں؟

عصر کا وقت تھا۔اس لمحے **"سیرینا ہوٹل"** میں بیٹھی وہ سیاہ سوٹ والی لڑکی اسکے سامنے تھی۔اپنی بھرپور تمکنت اور مان کے ساتھ۔

www.novelsclubb.com

دونوں وجود خاموش تھے۔ایک پر سکون تھا تو دوسرا متذبذب۔

"لیکن کی اجازت کسی نے دی آپکو۔؟" کہکشاں کے الفاظ اسکی سماعت میں گونج رہے تھے۔دماغ کی شریانیں پھٹنے کو تھیں۔اسکی آنکھوں میں سرخی اتر رہی تھی۔ حالات غیر متوقع تھے اور بات چیت بھی۔

"یہ ایسا کیوں چاہتی ہیں۔؟"اسکی حیرانگی بڑھتی جارہی تھی۔وہ اس پر کوئی حق نہ ہونے کے باوجود حق جتارہی تھی۔کیوں؟اسکے سوالوں کی فہرست دراز ہورہی تھی۔وہ جو اپنے حواسوں میں نہیں تھا اسکی سماعت میں کسی وجود کی دھیمی آواز گھل گئی۔

"اسے کہیں تم سے پیار ویار تو نہیں ہو گیا؟"احسن کی سرگوشی۔تاریک وسنسان خطے میں جیسے روشنی کی کرن ابھری تھی۔رستم کے حواس بحال ہوئے۔اس نے نظریں اٹھائیں سبز آنکھوں میں جھانکا وہ اس پر ہی ٹکی تھیں۔

'' یہ شادی نہیں کر سکتا۔ میں''

www.novelsclubb.com

سبز آنکھوں کے سحر میں آج وہ آنکھوں میں نظریں گاڑ کر باور کرایا۔ اسکی سادہ اور صاف۔ نہیں آیا تھا۔بات دوٹوک تھی۔

برا لگے گا''۔(ہر بار وہ ہی جواب کرارا تھا۔نہ وہ جھجھکا۔نہ یہ سوچا کہ''اسے کیوں دوسروں کا دل رکھے؟)۔

"کیوں؟" وہ اس انداز میں بولی جیسے رستم نے اس سے شادی کا وعدہ کر رکھا ہو اور اب وہ پلٹ رہا ہو۔ رستم متحیر ہوا۔ کیا تھی یہ لڑکی؟

سکتی تھی بھلا؟ اس نے سمجھنے کی سعی کی مگر وہ سمجھ میں نہیں آئی۔ آ

"کیونکہ میں یہ شادی نہیں کرنا چاہتا۔" اسکا انداز ہنوز ویسا ہی تھا۔ مگر اب کی بار بیزاری اور ناگواری کی مقدار زیادہ تھی۔

کہکشاں نے اسے دیکھا۔ وہ آگے کو ہوئی انکے مابین اب فاصلہ کم تھا۔

"مگر میں یہ شادی کرنا چاہتی ہوں"۔ وہ اسکی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہہ رہی تھی۔ رستم حیران در حیران تھا۔ اسے اب اس لڑکی کی دماغی حالت پر شک ہو رہا تھا۔

"کیوں؟" وہ بے اختیار سوال کر بیٹھا۔

" شادی کیوں کرتے ہیں۔؟ لوگ"

اسکا سوال غلط تھا۔ یا کہکشاں کے بدلے سوال نے رستم پر عیاں کیا کہ یا تو سوال سے یہ سوال پوچھنا اسکی غلطی تھی۔

اس نے سانس اندر کھینچی۔"عجیب بندی ہیں آپ۔"وہ کوفت زدہ ہو کر بولا۔

"اوہ...(اسکے لب گول ہوئے)"شکریہ۔"وہ ہنوز پُرسکون تھی۔

رستم کو غصہ آنے لگا تھا۔آخر کب تک اسکی زندگی کے فیصلے لوگ کریں گے۔؟ کب تک اس پر لوگوں کی مرضیاں مسلط ہوں گی؟ کب تک وہ دوسروں کی خواہشات کا مان رکھتا رہے گا؟ آخر کب تک؟

رستم نے لب بھینچ لیے۔اسے دیکھتے ہوئے وہ نفی میں سر ہلاتا اٹھ کھڑا ہوا۔ کہکشاں ہنوز ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے بیٹھی تھی۔

"خدا حافظ۔"

اس نے رستم کو کہتے سنا۔وہ محسوس کر سکتی تھی کہ وہ جا رہا تھا۔

"کی آفر میں رد کر چکی ہوں۔ کولیب"

دیکھا۔اسکی بات سب اسکی آواز گونجی۔ہوٹل میں موجود افراد نے اسکی جانب وہ نے سنی ان سب میں رستم بھی تھا۔سب اپنے مشاغل میں مصروف رہے مگر پلٹنے کی ہمت نہ رہی۔ تھم گیا۔اسکے قدموں میں بیڑیاں بندھ گئیں۔وہ رکا۔مگر میں کسی طبلے کی طرح بجنے لگی۔وہ اسکے ہمراہ جا کھڑی ہیل کی ٹک ٹک اسکے کانوں کے تاثرات پتھریلے سر نہیں اٹھایا۔اس ہوئی۔رستم نے اسے نہیں دیکھا۔ تھے۔

"خدا حافظ۔"اسکے الفاظ لوٹائے ہو بہو اُسی کہ انداز میں۔ٹاکرا برابری کا تھا۔ کھلاڑی دونوں ہی مستحکم تھے۔وہ اب اسے جاتے ہوئے دیکھ سکتا تھا۔

"کب رد کیا تھا آپ نے؟"بے اختیار اسکی زبان پھسلی۔

"ابھی ابھی۔"کہکشاں نے کہا مگر نہ وہ رکی،نہ پلٹی۔اسکی رفتار میں تیزی تھی۔

"آپ پیپرز سائن کر چکی ہیں۔"رستم نے ہانک لگائی۔اب کی بار وہ بھی رکی۔ مگر پلٹی نہیں۔اب اسکے قدموں میں بھی زنجیریں تھیں۔کیا واقعی؟

نے اسکے اور اپنے مابین فاصلہ ختم کیا۔ رستم

"بھول گئی ہیں آپ؟"وہ یاد دہانی کروا رہا تھا۔کہکشاں نے سیاہ شیڈز سے اسکی سرخ ہوتی رنگت کو دیکھا۔

"کے کے کچھ نہیں بھولتی۔"وہ کھڑکھڑا کر بولی۔

"اسی لیے کہہ رہی ہوں شادی کر لیں۔"اب سیریئل کلر دکھنے والی لڑکی نے بدلا،انداز بدلا اور تاثرات بدلے۔ نہایت معصومیت سے کہا تھا۔اس کا رنگ

اسکے انداز میں کچھ پوشیدہ تھا۔پیامِ محبت؟رستم نے سوچنے کی سعی کی مگر وہ سوچ بھی نہ سکا۔وہ رستم کو نہ بھول جانے کی بات کر رہی تھی؟۔کیا واقعی؟او نہوں۔

رستم نے سر جھٹکا۔

معاملہ اسکی سمجھ سے اوپر کا تھا۔اس کی زبان گنگ ہو گئی۔دل شکنجے میں پھنس گیا۔

"یہ فیصلہ زندگی کا ہے۔"حلق سے پھنسی پھنسی آواز نکلی۔وہ کیا کہہ رہا تھا اسے خود بھی معلوم نہ تھا مقابل کہکشاں تھی شاید اس لیے۔

"یہی تو میں کہہ رہی ہوں کسی کی زندگی اور موت کا سوال ہے۔"

رستم کو اس سارے معاملے میں پہلی بار اسکی آواز میں تحکم کے علاوہ کسی اور شے کی آمیزش محسوس ہوئی۔شاید درد کی۔

"میں کولیب کی بات کر رہا ہوں۔"وہ موقف سے ہٹ گیا۔

"میں شادی کی بات کر رہی ہوں۔"وہ اپنی بات پر اٹل تھی۔

"آپ کولیب نہیں کریں گی؟"وہ ضبط کھو رہا تھا۔اسے اب غصّہ آ رہا تھا۔وہ کے کے جیسی لڑکی سے اس طرح کی حماقت کی امید نہیں کر سکتا تھا۔

"آپ شادی نہیں کریں گے۔؟"وہ تڑخ کر بولی۔

رستم جھنجھلایا۔دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے پور سے آبرو مسلا۔

"نہیں"ٹکا سا جواب۔

اب کی بار کہکشاں کی رنگت بدلی تھی وہ اب پہلے سے مختلف تھی۔رستم کی نظریں اس پر ٹکی تھیں۔

"گرگٹ کہیں کی۔"رستم کی بے آواز سرگوشی۔

رستم نے اسے ہینڈ بیگ کھولتے ہوئے دیکھا۔سفید کاغذات اسکے ہاتھ میں تھے۔رستم کی رنگت کی سرخی میں سفیدی ابھری۔وہ متوحش سا اسکے ہاتھوں میں تھامے کاغذات دیکھ رہا تھا۔اسکا اگلا عمل کیا ہوگا وہ سمجھ چکا۔

اُسے درد ہوا۔)(سمجھ بوجھ کی صلاحیت بھی کبھی کبھار اذیت دیتی ہے۔

"آپ...ایسا نہیں۔۔۔ نہیں"

اسکے الفاظ ادھورے رہ گئے۔

چرچر کی آواز۔اور اگلے ہی پل وہ کاغذات کے ٹکڑے ہوا میں اچھال گئ۔رستم کی امید بھی ٹکڑے ٹکڑے ہوئی۔

"تو پھر میں بھی نہیں"۔اس کے بعد وہ رکی نہیں تھی۔

رستم اسے دور جاتے ہوئے محسوس کر سکتا تھا مگر آنکھیں زمین پر بکھرے کاغذ کے ٹکڑوں پر تھیں۔وہ معاہدہ جو تہہ پایا تھا وہ اسے رد کر چکی تھی۔

اس معاہدے کے رد ہونے سے ایک کا کچھ نہیں جانا تھا اور دوسرے کا کچھ نہیں بچنا تھا۔وہ جا چکی تھی اور رستم وہیں کا وہیں تھم گیا۔غروبِ آفتاب سے قبل ہی اسکے لیے شام ہو گئ تھی۔

www.novelsclubb.com

گرجنے کی زوردار آواز گونجی تو منظر بھی تحلیل ہو گیا۔اسکی آنکھیں اب پھر بادل سے بارش کی بوندوں سے الجھ رہی تھیں۔اسے نیلگوں روشنی میں بھی ہر سو تاریکی محسوس ہو رہی تھی۔وقت اور حالات نے اسے بے بس کر دیا تھا یا وہ خود بے بس بنا بیٹھا تھا۔اس نے قلم چھوڑ دیا۔ڈائری بند کر دی۔

"کہیں سے آجاؤ۔میں تمہیں مس کرتا ہوں" وہ ڈائری سینے سے لگا چکا تھا۔اسکے لہجے میں کرب تھا۔کسی کی دوری کا غم ستائے تو جانتے ہو کتنی اذیت ہوتی ہے؟

اسکا سر درد سے پھٹنے لگا یوں جیسے کوئی ہتھوڑے سے ضربیں لگا رہا ہو۔مگر دل کے درد کا کیا؟

جو کسی انہونی کے ڈر سے سکڑ سکڑ کر پھیل رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

کراچی(شیرازی ہاؤس)۔

کراچی میں آج وسیع آسمان پر سنہری دائرہ اپنی چمک سے جگ میں اجالا کر رہا تھا۔ موسم حبس زدہ تھا مگر کوئی تھا جس کی دنیا سے حبس اور گھٹن کوسوں دور تھی۔

دن کے اس پہر سنہری کرنیں کھڑکی سے اسکے کمرے میں جھانک رہیں تھیں۔وہ سنگھار میز کے سامنے کھڑی بالوں میں کنگھی کرتے ہوئے کچھ گنگنا رہی تھی۔

"تم جو آئے زندگی میں بات بن گئی..." وہ بالوں کو چٹیا میں گوندھنے لگی۔اسکی آواز سریلی تھی۔رنگت میں گلابی پن تھا۔سرمئی آنکھوں میں الوہی سی چمک تھی ۔اب وہ جہاں چٹیا ختم ہوتی تھی وہاں ربڑ بینڈ باندھ رہی تھی۔

اس نے آئینے میں دیکھا۔

"میں نے تمھیں بہت مس کیا۔" وہ مسکرائی۔وہ الفاظ جنہوں نے چند دن قبل اسے اذیت دی تھی اب تسکین بخش رہے تھے۔

www.novelsclubb.com

سب قلب کی کیفیت پر مبنی ہوتا ہے الفاظ اچھے یا برے نہیں ہوتے۔ قلب مطمعن تو تلخیاں سر آنکھوں پر، قلب سر گرداں تو شہد لہجے رد۔

بات وہی تھی الفاظ بھی وہی تھے۔اب دل پر برچھی نہیں لگی تھی اب اس سے خون نہیں رسا تھا۔اب قلب کی بنجر سرزمین پر جیسے سبز کونپلیں ابھر آئی تھیں۔

سنگھار میز پر دوسری لڑکیوں کی طرح میک اپ کا سامان نہیں تھا۔

ایک دو کیچر۔عطر کی شیشیاں اور کاجل۔

اس نے کاجل اٹھایا۔اسکی رنگت گندمی تھی مگر وہ پرکشش لگتی تھی۔

سرمئی آنکھوں میں کاجل کی دھاریں۔وہ جاذب نظر تھی۔پرکشش اور منفرد۔

وہ چند قدم پیچھے کو ہوئی۔یوں کہ آئینے میں اب اسکا مکمل عکس دکھائی دیتا تھا۔

ہلکے آسمانی رنگ کی قمیص جس کے گھیرے پر سیاہ کڑھائی تھی اور ان میں چمکتے شیشے۔ بازوؤں کے کناروں پر بھی شیشے جگمگا رہے تھے۔ سیاہ کھلے پائنچوں والا پاجامہ

۔

وہ پلٹی۔ بیڈ کی پائنتی پر پڑا ڈوپٹہ اٹھایا۔ شانے پر سیاہ ریشمی ڈوپٹہ لٹکایا۔

تخیل میں کوئی تھا جو اسکے ہمراہ کھڑا تھا۔ وہ شخص، وہ جس کے شانوں تک آتی تھی۔

تم ٹھیک سمجھے۔ ہاں وہی بھوری آنکھوں والا۔

لبوں پر مسکراہٹ ابھری۔ وہ کتنی مکمل تھی۔

"خیالوں میں آکر ستاتے ہو... اب حساب ہو گا۔" بائیں جانب دیکھ کر وہ بڑبڑائی۔

دوبارہ آئینے میں دیکھا تو اسکا عکس غائب تھا وہ عکس جس میں وہ سیاہ شلوار قمیص میں ملبوس تھا، وہی شلوار قمیص جس میں اسکی تصویر احسن نے اتاری تھی اور لاک

سکرین پر لگا رکھی تھی۔اس نے اسے اس سوٹ میں سینکڑوں دفعہ تصویر میں دیکھا تھا۔

"اب حقیقت میں ملیں گے.... خیالی دنیا اب نہیں۔" وہ اُس حقیقت سے خوف کھانے والی جس میں اُسکا عکس کھو جاتا تھا آج حقیقت میں خوش تھی۔

محبت مل جانے کی خوشی۔

انتظار ختم ہونے کا شکرانہ۔

چاہے جانے کا احساس۔

www.novelsclubb.com

سب اسکی خواہشات تھیں۔سب پوری ہونے کو تھیں۔

کیا واقعی؟؟

دبئ۔

متحدہ عرب امارات کے مشہور شہر **"دبئ"** کا رخ کرتے ہیں۔ خلیج فارس کے ساحل پر واقع یہ شہر متحدہ عرب امارات کے سات امارات میں سے ایک ہے۔ رات کا پہر، جہاں تاریکی سارے میں پھیلی ہوئی تھی وہیں دبئ کے ساحل پر ،سمندر کی نیلی سطح سے تھوڑا بلند، **"برج العرب"** ہوٹل آسمان سے گویا تھا۔ یہ عمارت اس قدر بلند و منفرد ہے کہ ہر دیکھنے والے کو مسحور کر دیتی ہے۔اس عمارت کی ساخت ایک شاندار بینا کولر ٹاور کی شکل ہے جو نہ صرف اسکی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہے بلکہ یہ دبئ کے امتیازی نشان کی صلاحیت رکھتی ہے۔اس کے دو بلند برج رات کے اس پہر روشنیوں کے حصار میں جھلملا رہے تھے۔ شیشے کی یہ

عمارت صبح کی روشنی میں جہاں نیلی رنگت کی جھلک دیتی ہے اس پل وہ روشنی میں سنہری جھلک دیتی تھی۔ سمندر کا چمکتا پانی اتنا دلفریب تھا کہ حد نہیں۔

اسی پر کشش عمارت میں وہ تھا جس کے قلب کے بخرے ابھی بھی دھڑک رہے تھے۔ وہ جسے مات اسکے اپنے خام خیالات نے دی تھی۔ وہ جس کے وجود سے روح اسکی غلط فہمی نے چھین لی تھی۔ وہ جو درد سے فرار کے لیے محبوب کا در چھوڑ آیا تھا۔ ہاں وہی۔ تم صحیح سمجھے۔

محب احسن۔ امن کا احسن۔

ایک وسیع و عریض باغ میں وہ دونوں موجود تھے۔ وہ باغ جس کا ہر گوشہ سرخ پھولوں سے بھرا تھا۔ ہر پھول کی پنکھڑی نرمی سے ہوا میں ہل رہی تھی۔ ہوا میں ہلکی سی خوشبو دل و دماغ کو راحت بخش رہی تھی۔ باغ کے عین وسط میں وہ تھی اسے پکارتے ہوئے۔ وہ اسکی پیٹھ دیکھ رہا تھا جس پر بالوں کی آبشار تھی۔

"احسن مدد کرو وہاں کھڑے کھڑے کیا کر رہے ہو۔"اس نے اپنائیت بھرے اپنے مخصوص انداز میں اسے پکارا تھا۔

"لڑتی رہتی ہو۔اور مدد کے لیے مجھے ہی بلاتی ہو۔"اپنے ازلی انداز میں چڑتا ہوا وہ اسکی جانب بڑھا۔وہ سبز جینز پر قرمزی رنگ کی بیگی شرٹ میں ملبوس تھا۔ گھنگریالے بال ماتھے پر گر رہے تھے۔

"تم عجیب حرکتیں نا کیا کرو میں بھی نہیں لڑوں گی۔"ہو بہو اسی کا انداز اپنایا۔ احسن قدم اٹھاتے ہوئے اسکے اور اپنے مابین فاصلہ تمام کر چکا تھا۔احسن نے اسے پر بیٹھی تھی اسکا پاؤں گیلی مٹی میں وہ جو پھول توڑنے کی غرض سے ٹیلے دیکھا۔ مٹی میں لتھڑے اسکے پاؤں کو نرم گرفت میں لیا۔ ۔ وہ جھکا گھس چکا تھا۔ امن اسے دیکھ رہی تھی۔رغبت سے۔اشتیاق سے۔احسن نے سر اٹھایا۔ان آنکھوں میں سب تھا محبت نہیں تھی۔اسکے دل میں درد سا اٹھا۔

یہ دل کا درد بھی ناں روح گھائل کر دیتا ہے۔

"یوں کیا دیکھ رہے ہو۔؟" وہ جھنجھلائی۔احسن نے مٹی کی گرفت سے اسکے پاؤں کو رہائی دے دی تھی۔ مگر اپنے ہاتھوں میں ابھی بھی تھام رکھا تھا۔

"تمہیں دیکھ رہا ہوں۔ کوئی پابندی ہے کیا۔؟" وہ ترکی باتر کی بولا۔

"مجھے کیوں؟" اس نے نفی میں سر ہلاتے تصدیق چاہی وہ ہوا سے آنکھوں میں جاتے بالوں کو جھٹکنے کی کوشش کر رہی تھی۔

وہ آگے کو ہوا۔امن کو چہرے پر ٹھنڈک کا احساس ہوا۔"تمہیں کیوں نہیں؟۔" اس نے پھونک سے بالوں کو پیچھے ہٹا دیا تھا۔

"دیکھا اب پھر سے عجیب حرکت اور پھر کہتے ہو کہ میں لڑتی ہوں۔" وہ سنجیدگی سے بولی۔ سرخ پھولوں سے بھرے ڈوپٹے کو اس نے مضبوط گرفت میں لے رکھا تھا۔

اس نے گہری سانس لی۔"اس میں عجیب کیا تھا۔؟"وہ سمجھنے سے قاصر تھا یا سمجھنا نہیں چاہتا تھا۔ سرخ سوٹ میں ملبوس لڑکی سرخ پھولوں کی سرزمین پر بیٹھی اسے پھول ہی لگی۔

"تمہارے بال تمیں تنگ موصول نہ ہوا۔ جانب سے کوئی جواب کی امن کر رہے ہیں۔"وہ اسکے پیر کو نرمی سے زمین پر رکھتے ہوئے اٹھا۔

جیب میں ہاتھ اڑسا، باہر نکالا تو اب اس ہاتھ میں ٹشو تھا۔اس نے ہاتھ رگڑے۔ گیلی مٹی پوری طرح اتری نہیں تھی۔ مگر ہاتھ ایک حد تک صاف ہو چکے تھے۔

وہ اسکے عقب میں بیٹھا۔"کہتے ہیں جس سے جتنی محبت ہو اتنی ہی لڑائی بھی ہوتی ہے۔"وہ اسکے بالوں کی چٹیا بنانے لگا۔وہ مسکرا رہا تھا

پراسراریت میں اضافہ ہوا تھا۔"کہیں یہی معاملہ تو نہیں ہے؟۔"امن خاموش رہی۔ڈوپٹے میں سے پھول اٹھاتے وہ اسکی چٹیا میں سجانے لگا۔

"بتاؤناں؟"اسے جواب چاہیے تھا۔وہ جواب جو اس کے واہموں میں ڈوبے دل کو تسکین سے بھر دیتا۔

"کیا بتاؤں؟اس خوش فہمی میں نہ پڑنا کہ میں تم سے پیار ویار کروں گی۔"وہ اترا کر بولی۔تسکین ہر کسی کے نصیب میں نہیں ہوتی۔

"حد سے زیادہ خوش فہمیاں بہت دکھ دیتی ہیں۔"احسن کے وجود میں جیسے سناٹا سا پھیل گیا۔وہ جھٹکے سے اٹھی۔سرخ پھولوں سے سجی سیاہ بالوں کی چٹیا بہت خوب صورت لگ رہی تھی۔

"ایسی باتیں کرتی ہو تو معلوم ہے تمہیں کہ کتنا درد ہوتا ہے؟"کرب چہرے سے جھلکنے لگا۔اسکے سوال کے ترش جواب نے احسن کو اذیت سے دوچار کر دیا۔

امن مسکرائی۔حظّ اٹھانے والی ہنسی۔"میں نہیں جانتی۔اور جاننا بھی نہیں چاہتی۔"عجب سفاکی تھی۔احسن کے دل کو گویا کسی نے مٹھی میں جکڑ لیا تھا۔

قید کر لو مجھے، ہمیشہ کے نکالو اور کی آنکھوں میں چمک ابھری۔"کیمرہ امن سفاک بھی لیے۔"وہ حکم کر رہی تھی۔اس کی آواز شہد سے میٹھی تھی۔ محبوب سے چھوٹے سائز کا کیمرہ نکالا۔امن ہو تو اسکا حکم سر آنکھوں پر۔احسن نے جیب کی آنکھ سے آنکھ باغ کے درمیانے حصے میں جاتی دکھائی دی۔وہ کیمرے اسے ملا چکا تھا۔

"بس یہیں درمیان میں رک جاؤ۔یہاں اچھی تصویر آئے گی۔"اس نے ہانک لگائی۔امن نے پلٹ کر نہیں دیکھا وہ قدم بہ قدم چلتی جا رہی تھی۔

"او بہری کہیں کی۔کانوں میں روئی گھسا رکھی ہے کیا۔؟"وہ ہنستے ہوئے کہہ رہا تھا۔لیکن وہ نہیں رکی۔

(اس خوش فہمی میں نہ پڑنا کہ میں تم سے پیار و یار کروں گی۔)

احسن کا دل کسی بوجھ تلے دب گیا۔

"امن...؟"شکستہ سی پکار۔

اس نے حلق میں ابھرتی گلٹی کو بمشکل نیچے اتارا۔"میں کہہ رہا ہوں رک جاؤ۔"پھر سے پکارا۔

وہ سب آوازوں کو نظر انداز کرتی اپنی ہی رو میں آگے بڑھتی جا رہی تھی۔احسن سرعت سے اسکے عقب میں بھاگا۔لیکن...اسکا سیاہ بوٹ والا پیر اسی جگہ پھنس گیا جہاں امن کا پیر اٹکا تھا۔وہ تگ و دو کرتا ہوا پیر آزاد کرا رہا تھا۔گردن موڑ کر دیکھا تو وہ فضا کی دھند میں کہیں گم نظر آتی تھی۔

"امن...رک جاؤ یار پلیز۔"مدھم سرگوشی۔وہ سراپا حزن بنا اسے جاتے ہوئے تک رہا تھا۔وہ اسے قید کرنا چاہتا تھا نہیں کر پایا۔اسے روکنا چاہتا تھا نہیں روک پایا۔

جانے والوں کو کوئی روک پایا ہے کبھی؟

سرخ پھولوں کے باغ میں اسکا دم گھٹنے لگا۔

"امن پلیز....امن میرے لیے....رک جاؤ۔"اسکی حلق سے گھٹی گھٹی آواز برآمد ہوئی۔ان سرخ پھولوں میں اب سرخ لباس والی لڑکی اسے دکھائی نہیں دے رہی تھی۔

"تم ایسا نہیں کر سکتی۔میں جی نہیں پاؤں گا۔"وہ ہذیانی انداز میں کہہ رہا تھا۔ آنکھوں میں نمی کی واضح لکیریں تھیں۔اس پر سانسیں تنگ ہو گئیں۔

"میں جی نہیں پاؤں گا۔"موسم یکدم ابر آلود ہو گیا۔نیلی فلک پر کالی گھٹائیں چھا گئیں۔احسن کی زندگی سے خوشی کی لہریں،امید کی کرنیں بوجھل ہو گئیں۔

"امن۔۔۔"نرم سی پکار۔

محب نے واسطہ دیا۔ "۔۔۔ امن"

آواز مدھم ہوتی گئی۔آنکھوں میں نمکین پانی بھرنے لگا۔"۔۔۔ امن"

www.novelsclubb.com

نکالا۔وہ پھولوں کے مٹی سے باہر نے جھک کر پوری قوت سے پاؤں کو احسن غم حد سے سوا ہوا تو اسکا دل درد سے پھٹنے لگا۔ میں بھاگنے لگا۔ باغ

" مر جاؤں گا۔اوہ خدایا۔ میں"

بسی کا اظہار۔ بے

کیا اس سے امن کھو گئی تھی؟ اونہوں احسن سے زندگی کھو گئی تھی۔اسکے اندر باہر جیسے خاموشی پھیل گئی۔ہمت جواب دے گئی۔وہ اپنی جگہ منجمد ہو گیا۔پیشانی عرق آلود ہوئی۔اور وقت نے مہربان ہو کر اسے غم سے رہائی دے دی۔

وہ ایک جھٹکے سے اس باغ کے حبس زدہ ماحول سے آزاد ہو گیا تھا۔وہاں سے جہاں اسکا دم گھٹ رہا تھا۔وہاں سے جہاں اسکی امن کھو گئی تھی۔

نے خود کو بستر پر نیم دراز حالت میں پایا۔پیشانی پر ہاتھ کی پشت مارتے ہوئے اس کے قطرے رگڑے۔وہ اس نرم بستر سے اٹھ بیٹھا۔اسکے عمل میں تیزی تھی پسینے

کمرے کا جلال و جمال اسکے سامنے تھا۔ مگر اسکی دنیا خالی تھی۔ ۔ برج العرب کے خالی وہ دیواروں کو تک رہا تھا۔ خالی کھول کر اب شرٹ کے اوپری دو بٹن نظروں سے۔ کمرے کی دیواریں سنہرے اور نیلے رنگ کے امتزاج میں مزین نفاست سے نقش و نگار بنے تھے۔ تھیں۔ جن پر

اپنی دیکھ رہا تھا۔ کمرے کی چھت سے لٹکتا ہوا فانوس شے کو ٹکر ٹکر وہ ہر

اس نے روشنی میں شیشے کے جھلملاتے قطروں کو چمکا رہا تھا۔ وہ بستر سے اٹھا۔

بتیاں بجھا دیں۔

کے اندر سناٹا اور تاریکی ہو تو بیرونی رونقوں اور روشنیوں سے کوفت ہونے انسان لگتی ہے۔

میں بس چاند کی چاندنی کی لو تھی۔ مدھم سی۔ اب کمرے

وہ قدم اٹھاتا ہوا کمرے کی کھڑکی کے پاس آ کھڑا ہوا۔ چاند کی روشنی اس کے بوجھل چہرے سے ٹکرا کر واپس جاتی تھی۔

باہر سمندر کی چادر پر چاندنی بکھری ہوئی تھی۔اسکی نظریں پانی سے الجھ رہی تھیں۔ دل بھی کہیں الجھا ہوا تھا اور زندگی بھی۔عجب الجھن تھی کہ ختم نہیں ہوتی تھی۔

اسکا ہاتھ بے ساختہ دل پر جا پڑا۔وہ دھڑک رہا تھا۔ابھی بھی؟

نیچے عرب کا سمندر ہلکی ہلکی لہروں کے ساتھ ساحل کو چوم رہا تھا۔اس نے پردے کو سرکایا۔لہروں میں اسے کچھ دکھائی دینے لگا۔پھر چند آوازیں اسکے کانوں میں گونجنے لگیں۔

) "نہیں ملے گی تو کیا کروگے؟ وہ"

میں نمی لیے رستم نے سر نہیں اٹھایا۔احسن کا تھا۔آنکھوں سوال

احسن سلگ کر رہ گیا۔"زندگی کا کوئی اور مقصد نہیں ہے اسکے پیچھے خوار ہو رہے ہو ۔"وہ نہیں بولا۔اسکی خاموشی احسن کو کاٹنے کو دوڑی۔

"خود کو بے مول مت کرو" وہ اسکے ہمراہ بیٹھ گیا۔ہاتھوں سے کندھوں پر دباؤ ڈالا۔ وہی تسلی تشفی۔

"اس کے بنا میں بے مول ہوں احسن۔" وہ حزن میں ڈوبا ہوا کہہ رہا تھا۔احسن نے اسکے ڈھلکے شانے دیکھے تھے۔ان پر سالوں کی تلاش کا بوجھ تھا۔

"وہ مل جائے گی تو سکون مل جائے گا۔" رستم کسی اور لمحے کا حصہ تھا۔احسن کے دل پر کسی نے گویا پیر رکھ دیا۔

"وہ نہ ملی تو کیا کرو گے ؟تمہاری زندگی، تمہارے امبیشنز ان سب کا کیا۔؟"احسن اپنے موقف پر ڈٹا تھا۔اسکے درد سے اُسے تکلیف ہوتی تھی وہ اسے کیسے بتائے ؟

"وہ نہیں تو کیسی زندگی ؟"اس نے کندھے پر رکھا اسکا ہاتھ جھٹکا۔

"وہ نہیں تو کیسے امبیشنز؟"احسن اسے یاسیت سے دیکھے گیا۔

" وہ نہیں تو کون رستم؟"

کی ذات کہیں مسخ تھی۔جن کی بے بسی کے دھانے پر کھڑے رستم کی خود محبتیں بچھڑ جائیں انکا اپنا وجود بھی لاپتہ ہو جاتا ہے۔ اس نے بھی محبت کے بچھڑ جانے پر خود کو کھو دیا تھا۔

"وہ نہیں تو میں بھی نہیں۔" جہاں بھر کا رنج آنکھوں سے اشکوں کی صورت چھلک رہا تھا۔"وہ نہیں تو کچھ نہیں۔" مدھم سرگوشی۔غم سے چور لہجہ۔اس نے بات گویا ختم کر دی۔احسن نے کچھ کہنے کے لیے لب کھولے ہی تھے کہ رستم نے ہاتھ بلند کر کے اسے خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔

"تم جانتے ہو محبت کے دور جانے کا غم۔؟"رستم اپنی کہہ رہا تھا۔اسکی آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔)

کھڑکی میں کھڑے احسن نے دل پر ہاتھ رکھ کے جیسے بہتے لہو کو روکنا چاہا۔

اس نے انگلی سینے پر ٹھونکی۔) ("تم جانتے ہو کتنا درد ہوتا ہے۔یہاں..."

احسن کی سانسیں تیز ہو گئی تھیں۔ **"آج"** اسے درد ہو رہا تھا۔

(رستم اسکے رنج سے بے نیاز کہتا جا رہا تھا۔ "تم جانتے ہو کوئی کھو جائے اور تم اسے تلاش نہ کر پاؤ۔ خالی ہاتھوں کی بے بسی سے واقف ہو؟")

"اب" نہیں آئے تھے میں سمجھ **"تب"** تھے۔ مشکل سوال اسکے ہاتھ نہیں تھا۔ احسن بے بس آ رہے تھے۔ احسن نے ہتھیلی پھیلائی۔ وہاں امن کا ہوا۔ ہاں وہ آج بے بس ہوا تھا۔

اسکے قدم لڑکھڑائے یا زمین گھومی وہ اندازہ نہیں لگا سکا۔

("چپ ہو جاؤ.... میں کہہ رہا ہوں چپ ہو جاؤ۔")

سانسوں میں زیر و بم تھا۔ وہ کھڑکی پر گرفت مضبوط کیے قدرے جھکا۔

اس کے سامنے خلیج فارس کی خاموشی اور دور دور تک پھیلے ہوئے پانی کا منظر تھا۔

اسکا دل ڈوب کر ابھرا۔

(کمرے کی خاموشی میں رستم کی آواز تیز ہو رہی تھی۔"تم جانتے ہو وہ اذیت جب دل میں ہجر کا خنجر گھس جاتا ہے۔وجود لرزتا ہے۔دل تڑپ کر رہ جاتا ہے۔"وہ رنجیدہ سا گو تھا۔)

("خاموش ہو جاؤ...")

چند سال قبل اس نے کوفت سے کہا تھا"**آج**"وہ بے بسی سے کہہ رہا تھا۔

ہجر کا خنجر اسکے قلب میں گھس گیا تھا۔خون بھل بھل بہہ نکلا۔

باہر چاند کی روشنی سمندر کی لہروں پر ایسے کھیل رہی تھی جیسے چاندی کے سکے پانی پر تیر رہے ہوں۔

www.novelsclubb.com

"اوہ...رستم خدا کا واسطہ ہے چپ کر جاؤ۔")(

کہا تھا۔ اس نے بمشکل **آج** اُس وقت اسکی آواز بلند تھی

)" تم نہیں سمجھ سکتے....تم کبھی نہیں سمجھ سکتے۔"

اسے جھنجھوڑتے ہوئے کہہ رہا تھا۔ آنسوؤں کی روانی میں وہ(

احسن کو لگا وہ گہری کھائی میں دھکیلا گیا ہو۔

("ہاں میں تمہیں نہیں سمجھ سکتا۔")

اس نے ماضی میں کہا تھا۔ جان چھڑانے والا انداز۔

"میں سمجھ سکتا ہوں۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔میں سمجھ گیا۔"

سا اعتراف۔ درد بھری آواز۔ شکستہ

وہ سیدھا ہوا۔ اس نے کھڑکی کے پٹوں پر سے ہاتھ ہٹا لیے۔

www.novelsclubb.com

باہر کے منظر سے اسے کوفت ہونے لگی۔ پانی کی لہروں پر بنتا عکس تحلیل ہو گیا تھا۔ آوازیں غائب تھیں۔ مگر احسن کی زندگی سے ویرانی تحلیل نہیں ہوئی۔ اسکی زندگی سے ہجر کی اذیت غائب نہیں ہوئی تھی۔

مڑا۔کمرے کے کونے میں آرام دہ صوفہ سیٹ تھا جس کے قریب شیشے کی میز وہ ۔اس پر تازہ پھولوں کا گلدستہ۔تازہ پھول؟پہلی بار اسے پھولوں رکھی ہوئی تھی وہ صوفے پر بیٹھ گیا۔عجب بے آرامی تھی۔ سے بیزاری ہوئی۔

"مجھے معاف کردو۔" وہ ہذیانی انداز میں کہہ رہا تھا۔

"خاموش ہو جاؤ۔" اسکی بڑبڑاہٹ واضح تھی۔وہ گٹھری بن کر صوفہ پر بیٹھا۔ گردن صوفے کی پشت پر ٹکالی۔درد ورنج کے دھانے پر کھڑے احسن نے آنکھیں موند لیں۔

اب کہ منظر بدلا تھا۔پھولوں کا باغ اور دور جاتی ہوئی وہ۔

کیا یہ خواب حقیقت کا عکس تھا۔؟دماغ میں خدشہ ابھرا۔

دل نے ڈپٹا۔**"نہیں نہیں...ایسا نہیں ہو سکتا۔"**

تاثر بدلا۔دل کی بات پھر سے مان لی۔ اسکا

دل کی نصیحتوں پر عمل کرنے سے بعد میں دل دُکھتا ہے۔

کوئی تو بتائے اسے۔

وہ اُسے دیکھ رہی تھی۔اور وہ مسکرا رہا تھا۔ کا حصہ تھا۔ **تخیل** پھر سے وہ

اب وہ سو نہیں سکتا تھا یہ تو طے تھا۔ مگر دل کی میں سکون کی لہر دوڑ گئی۔ دل گہرائیوں میں امن کی یاد نقش ہو گئی تھی۔ کبھی نہ مٹنے کے لیے۔

---

www.novelsclubb.com

طیار ہاؤس۔

سنہری صبح میں کھٹاک سے اسکے کمرے کا دروازہ کھلا تھا۔وہ وجود تن فن کرتا اندر آیا ۔اس کے چہرے پر غصے کی الگ داستان رقم تھی۔آنکھوں کے ڈورے سرخ تھے۔

"رستم۔"وہ غرایا۔

"باہر نکلو بزدل...."اسکی آواز بلند تھی۔در و دیوار سہم گئے۔سیاہ نائٹ سوٹ میں ملبوس لڑکے نے طائرانہ نگاہ کمرے میں دوڑائی وہ اُسے نہیں دِکھا۔

"رستم۔۔۔۔باہر نکلو کدھر چوہے کی طرح دبک کر بل میں گھسے بیٹھے ہو۔"وہ بدستور بولا۔مگر جواب ندارد۔

اسکا رخ اب اسٹڈی کی جانب تھا۔اسٹڈی کا دروازہ بند تھا۔وہ وہیں ہو گا۔اس نے سوچا۔عقب میں دروازے کی چٹخنی کی آواز گونجی تو اسکے بڑھتے قدم رکے۔

دروازہ کھلنے کی آواز اور پھر قدموں کی چاپ اسکی سماعت سے ٹکرائی۔اس نے مٹھیاں بھینچ لیں۔چہرے پر ناگواری بڑھ گئی۔

وہ پلٹا۔دھلے دھلائے چہرے کے ساتھ رستم اسکے سامنے تھا۔وہ تولیے سے چہرہ رگڑ رہا تھا۔

"تم اس قدر گر جاؤ گے میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔"قہر برساتا لہجہ تھا۔

رستم کے گیلے بالوں سے قطرے فرش پر گرے۔

ٹپ۔۔۔ٹپ۔۔۔ٹپ۔

برعکس رستم کے تاثرات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی وہ پُرسکون تھا۔ اسکے

"تم ابھی بھی اول درجے پر ہو۔کیوں سلگ رہے ہو۔"وہ اطمینان سے بولا۔اب وہ تولیے سے بالوں کو خشک کر رہا تھا۔"تمہارے جتنا گرنے کے لیے مجھے ابھی وقت درکار ہے۔"اسکی آواز میں حقارت تھی۔اسکے سامنے بگڑے ہوئے حلیے میں کھڑے لڑکے کے طیش میں اضافہ ہوا تھا۔

"کس کے دم پر اُڑ رہے ہو۔؟"وہ آگے کو ہوا۔

"شاہین کو اڑان کے گر سکھائے، کس میں دم ہے اتنا؟" وہ بلا تامل بولا۔ کوئی چانٹا تھا جو اس پل احتشام کے منہ پر پڑا تھا۔

"تم کیا سمجھتے ہو؟ اس نے اسکا گریبان دبوچا۔ شعلہ دہکاتی آنکھیں اس پر گاڑیں۔ وہ اسکا چھوٹا بھائی نہیں تھا۔ عجب بیگانگی تھی۔ عجب اجنبیت تھی۔

"تم خان ٹیکسٹائل کو چلالو گے؟ تم۔۔۔ تم یہ سب کرو گے اور میں خاموش رہوں گا۔" اس نے رستم کو جھنجھوڑا۔ رستم کی آنکھوں میں بے یقینی نہیں تھی۔ شاید وہ اس ردِ عمل سے پہلے ہی واقف تھا۔ رستم نے اسے خود سے دور جھٹکا۔

"کیا سب؟" تولیہ صوفے پر اچھالا۔ "اب مجھ معصوم نے کیا کر دیا۔؟" وہ انجان بنا

۔

احتشام پھر سے آگے کو ہوا۔ رستم نے اسکے بڑھتے ہاتھ دبوچ لیے۔

"اب گریبان تک مت آنا۔"اس نے درشتی سے کہا۔اسکے لہجے کی سفاکی سے لمحہ بھر کے لیے احتشام ٹھٹھکا۔

"میں کتوں کا بھونکنا برداشت کر سکتا ہوں مگر۔۔۔۔"اس نے احتشام کے گال کو تھپکا۔اسکے لہجے میں غصہ تھااور چہرے پر نفرت کا تاثر رقم تھا۔"جب کتا کاٹنے کو دوڑے تو مجھ پر واجب ہے میں اسے پتھر ماروں اور اسکی آنکھ پھوڑ دوں۔"صبح کی خنکی میں اسکے جسم میں سرد لہر دوڑ گئی۔

بھائی سے رستم،اور آپ سے تم تک کا یہ سفر تمام ہو چکا تھا۔تصنّع کا پردہ چاک ہو گیا تھا۔رستم نے بھی خود کو نرم پڑنے سے باز رکھا۔

www.novelsclubb.com

دور کھڑے رہ کر سوال کیا۔رستم کے "تم ہمیں فاقوں سے مارو گے؟ اب" لبوں کو مسکراہٹ نے چھوا۔اب گریبان تک وہ نہیں جائے گا رستم کو یقین تھا۔بینائی بھی تو اہم تھی ناں۔

"نہیں۔میں معصوم یہ ظلم کیوں کروں گا بھلا؟۔"(توبہ توبہ)اس نے کانوں کی لویں چھولیں۔اسکے انداز پر احتشام بھڑ بھڑ جلا تھا۔

"مجھے پیسے چاہیں۔" لہجے میں نرمی گھل گئی مگر انداز میں ہنوز تحکم تھا۔

"میں بنک نہیں ہوں، غریبوں کو قرضے دینے کا کام نہیں کرتا۔" وہ رخ پلٹتے شیشے کے سامنے کھڑا ہوا۔سوئچ لگا کر ہیئر ڈرائر سے بال سکھانے لگا۔

سے عقب میں کھڑے (وُوُش.....وُوُش....کی)آواز کی تیز، بھنبھناتی ڈرائر لڑکے کو کوفت ہوئی۔

"تمہیں ہر معاملے کا حساب دینا ہو گا۔"کاٹ دار لہجے میں وارننگ دی۔

رستم نے شیشے میں اسکا عکس دیکھا۔وہ نہایت غصے سے اسے دیکھ کم گھور زیادہ رہا تھا۔"پہلے تمہارے اوچھے معاملات کا حساب کرلوں۔میرے اعمال کی باری بعد میں۔" وہ رسانیت سے بولا۔

"تم اچھا نہیں کر رہے۔" واضح دھمکی تھی۔

"امید بھی مت رکھنا۔" واضح تنبیہ تھی۔

میری اچھائی کو نیند و آگئی ہے۔" اس نے آنکھیں پٹپٹائیں۔ بھوری آنکھوں میں" شرارت تھی اور طعنہ تھا۔

احتشام اچھنبے میں مبتلا ہوا۔" تم مجھے چھوٹا سمجھ کر انڈر اسٹمیٹ کر رہے ہو۔" اس نے قدم اسکی جانب بڑھائے۔ رستم نے ڈرائر ڈریسنگ مرر پر رکھا۔" غلط کر رہے ہو۔" شانے پر ہاتھ رکھ کر دباؤ بڑھایا۔

رستم خاموش تھا۔" مجھے حیوان بننے میں پل نہیں لگے گا۔" اسکی آنکھیں غیر انسانی تھیں۔

رستم متحیر ہوا۔ اپنوں کا یہ کونسا رخ تھا جو اس پر عیاں ہو رہا تھا۔؟

اذیت سے دوچار ہوا رستم پھر سے ٹوٹنے لگا تھا۔اس نے مقابل کا ہاتھ جھٹکا۔

"اونہوں اب نہیں۔"خود کو ڈپٹا۔آنسوؤں کا گلا گھونٹ دیا۔

"مجھے حیوانوں سے نپٹنا آتا ہے۔"وہ صوفے کی جانب بڑھا۔صوفے کے بازو پر گیلا تولیہ پھیلا دیا۔اس نے لب بھینچ کر رونے پر قابو پایا۔

"تم نے لاکر کا پاسورڈ بدلا ہے۔مجھے لاکر کا پاسورڈ چاہیے۔"وہ تحکمانہ انداز سے بولا۔البتہ آواز اب بلند نہ تھی۔

"بتانے کے لیے تھوڑی بدلا تھا۔"وہ فی الفور بولا۔اسکی عقل پر ماتم کرنے والی ایک تاسف بھری نگاہ اس پر جمائی۔"کاش خدا حیوانوں کو سمجھنے بوجھنے کی صلاحیت بھی بخشتا۔"وہ سرد آہ بھرتے ہوئے بولا۔

"مجھے پیسوں کی ضرورت ہے۔"اسکا لہجہ نرم تھا۔اسکا رنگ بدلا۔انداز بدلا۔رستم کو حیرت نہیں ہوئی۔ہونی بھی نہیں چاہیئے تھی۔

"پیسوں کی ضرورت ہے تو میں کونسا پیسے لیے بیٹھا ہوں؟ کمپنی دیوالیہ ہے۔جب آئیں گے پیسے مل بھی جائیں گے۔"اس نے ہاتھ سے دروازے کی جانب اشارہ کیا۔گویا یہ گفتگو ختم کرنے کا اشارہ تھا۔سفید ڈریس شرٹ کے ساتھ نیلی پینٹ میں ملبوس رستم طیار شوریک میں سے جوتے نکال رہا تھا۔

وہ جوتے نکال کر پلٹا تھا تو وہ ابھی بھی وہیں کھڑا تھا۔(ڈھیٹ کہیں کا)۔

رستم بیڈ پر بیٹھا۔پشت اسکی جانب تھی۔وہ کسی دوسرے وجود کی موجودگی سے بے نیاز دکھائی دیتا تھا۔

،اسے دروازہ زور سے بند ہونے کی آواز سنائی دی۔ بعد چند ثانیے

کے اعصاب ڈھیلے پڑ گئے۔عجیب سی بے چینی اور دکھ تھا جو اسکے وجود میں رستم پھیل گیا۔ زہر کی مانند

اسلام آباد(کہکشاں منزل)

سورج زمین کی تہہ میں سما کر کسی اور جگہ ہجرت کرنے کو بے تاب تھا۔فلک کی نیلی چادر پر مدھم سی نارنجی روشنی ابھی بھی پھیلی ہوئی تھی۔تیز ہواؤں کی لپیٹ میں کہکشاں منزل کے لان میں اس پل تین افراد موجود تھے۔رحیم خان خاکی شلوار قمیض میں ملبوس پودوں کی کانٹ چھانٹ کر رہے تھے۔لان کے وسط میں گھاس کے نرم بچھونے پر پڑی کرسیوں میں سے ایک پر وہ بیٹھی تھی اور دوسری پر زارا آپا۔وہ لیپ ٹاپ گود میں رکھے ہوئے تھی جبکہ ٹانگوں کو وسط میں حائل میز پر رکھا ہوا تھا۔

"کتنا وقت ہو گیا؟ وہ آیا نہیں ابھی۔"زارا آپا کی آواز ابھری۔کہکشاں نے سر نہیں اٹھایا۔اسکی انگلیاں ابھی بھی متحرک تھیں۔

"پریشان نہ ہوں آجائے گا۔" وہ منہمک سی بولی۔

"پھر سے فون ملادو ناں۔" انہوں نے التجا کی۔ کہکشاں جھرجھری لے کر رہ گئی۔

"ہو گیا ہے آپا۔؟ کیا"

میں بولی۔ زارا آپا نے خفگی یقیناً وہ خلل کی وجہ سے خفا ہوئی تھی تبھی سخت لہجے سرمئی رنگ کے لباس میں ملبوس حسبِ عادت ڈوپٹہ سے اسے دیکھا۔ زارا آپا پر اوڑھے ہوئے تھیں۔ سر

"میرے بچے کی پرواہ ہی نہیں ہے۔ قائدِ اعظم کی بہن بنی رہتی ہے ہر وقت۔ کام، کام اور بس کام۔" وہ روانگی میں بولیں۔ لہجے میں خفگی تھی۔ کہکشاں کے لبوں پر تبسم بکھرا۔ شکوہ کرتی ہوئیں وہ بہت اچھی لگی تھیں، ہمیشہ کی طرح۔ وہ پھر سے پھلیاں نکالنے میں محو ہوئیں البتہ چہرے پر پریشانی کے تاثرات تھے۔ چند پل خاموشی کی نذر ہوئے۔ کہکشاں نے معتجب نظروں سے انہیں دیکھا۔

نے ٹانگیں سمیٹ لیں اور لیپ ٹاپ کو میز پر رکھ دیا۔ وقت ہوا چاہتا تھا کہ دو اس کی جائے۔ ٹوک بات

"تین گھنٹے سے اسکے لیے پھلیاں نکال رہی ہیں۔ کبھی جو میرے لیے اتنی محنت کی ہو آپ نے۔" انداز میں شکوہ تھا مگر آنکھیں شرارت سے بھری ہوئی تھیں۔ وہ چاہتی تھی کہ وہ بات کریں۔

زارا آپا نے اسکے لہجے میں پوشیدہ رنج تو محسوس کیا مگر اسکی آنکھوں کی شرارت نہ بھانپ سکیں۔

"ہونہہ۔۔۔ تمہارے لیے محنت؟" واضح تمسخر تھا۔ کہکشاں کے تاثرات بدلے۔ غصہ... تحیر اور ناراضی سب در آیا۔

"ہاں میرے لیے محنت۔" اب کی بار وہ سلگ کر بولی۔

"ہر وقت جو کڑوا کسیلا، سیاہ مائع پیتی رہتی ہو۔ کون بنا کر دیتا ہے؟۔" انہوں نے بھی کرخت لہجے میں کہا۔

کے لب حیرت سے وا ہوئے تھے۔ آنکھوں میں بے یقینی، شاک اور کہکشاں صدمہ تھا۔

"اب کیا اسکو بھی تین گھنٹے تک اُبالا کروں؟" وہ غصے میں نہیں تھیں لیکن انداز ویسا ہی تھا۔

"آپ کو عبداللہ سے زیادہ پیار ہے ناں؟۔" ناراضی سے تصدیق چاہی۔ پھر اس نے جھٹکے سے رخ موڑ لیا۔ وہ اس وقت معصوم بچی بن گئی تھی۔ اس کی نظریں رحیم خان پر جم گئیں وہ واٹر نگ کین سے اب پودوں کو پانی دے رہے تھے۔ ہوا سے پتوں میں سرسراہٹ پیدا ہوتی تھی۔ تیز ہوا چہرے پر تھپیڑوں کی طرح لگتی تھی۔

"فکر نہیں کرو تم سے بھی ہے۔" کہکشاں نے واپس انہیں دیکھا۔وہ مبہم سی مسکرائی۔

"مگر عبداللہ سے زیادہ ہے۔" انہوں نے جملہ مکمل کیا۔کہکشاں کے لبوں پر امنڈتا تبسم دب کر ہی رہ گیا۔

" "ہونہہ...مجھے کیا؟ کریں اس سے زیادہ محبت۔

منہ کے زاویے بگاڑے خود کو بے نیاز ظاہر کیا۔ناک بھوں چڑھاتی وہ زارا آپا کے لبوں پر مسکراہٹ بکھیرنے کا سبب بنی۔اس نے ٹانگیں میز پر رکھیں۔لیپ ٹاپ پھر سے اٹھالیا۔مبادہ کہ یہ گفتگو ختم کرنے کا اشارہ تھا۔وہ اب کوئی بات نہیں کرنے والی تھی۔

ایک لمحہ خاموشی کا آیا۔زارا آپا کی نظریں اس پر تھیں۔

" بات پوچھوں؟ ایک"

جو اسکے تاثرات ملاحظہ کر رہی تھیں اب کہ مدھم آواز میں بولیں۔ وہ

"دو پوچھیں۔" ماحول کی کشیدگی تھوڑی کم ہوئی تھی۔اس کا انداز سرسری تھا۔

"غصہ تو نہیں کرو گی؟" انہوں نے تصدیق چاہی۔

"غصے والی بات نہ ہوئی تو نہیں کروں گی۔" اسکی انگلیاں پھر سے مسلسل ٹائپنگ کر رہی تھیں۔

زارا آپا نے لب کاٹے۔ متوحش نگاہوں سے اسے دیکھا۔لب تر کرتے انہوں نے الفاظ مجتمع کیے۔

"شادی کے بارے میں کیا خیال ہے۔؟" انکی آواز اتنی آہستہ تھی کہ حد نہیں۔

کہکشاں کی نظروں کے سامنے سے کل کا **سیرینا ہوٹل** کا منظر، ظاہر ہو کر پل میں اوجھل ہوا تھا۔اس نے سر جھٹکا۔

"فضول خیال نہیں آتے مجھے۔" وہ پر اعتمادی سے بولی۔(ہونہہ اداکارہ کہیں کی۔)

تمام ہوا۔ ذہن سے اسکی خفگی کا خوف نرمی پر زار آ پا کہ اسکی

'' میری نظر میں ایک رشتہ ہے۔ ویسے''

تھیں۔ ان کا واہمہ مبہم ہوا تو اب وہ رازداری سے کہہ رہی

"واٹ ؟" وہ چونکی۔

"ہاں ہاں.....اور تم تو اسے جانتی بھی ہو۔" پھلیوں سے بھرا باؤل انہوں نے گود سے اٹھا کر میز پر رکھا تو کہکشاں نے پیر گھاس پر اتار لیے۔

"کونسا لڑکا؟ کسے جانتی ہوں میں ؟۔" وہ متحیر سی عجب شش و پنج میں مبتلا ہو گئی۔

"وہی جو تمہارا دوست ہے۔ گوری رنگت والا۔ لمبے قد والا۔ سوہنا سا۔" انکا چہرہ متبسم تھا۔ اسکی مشکل آسان کرنے کی غرض سے لڑکے کا تعارف کرانے لگیں۔

گوری رنگت، دراز قد، اور صبیح کا چہرہ اسکی آنکھوں کے پردے پر لہرایا۔ رستم (سوہنا سا)۔

www.novelsclubb.com

"اونہوں۔"اس نے سر جھٹک کر نفی کی۔ تخیل سے **"سوہناسا"** لڑکا اوجھل ہوا تو کان زارا آپا کی سننے لگے۔

"تم اس سے شادی کر لو۔" وہ اپنی کہے جا رہی تھیں۔

"اکتیس کو ایونٹ ہے اور تیس کو ہماری شادی۔"

کے لفظوں کی بازگشت پر وہ ساکت ہوئی۔ خود

"اس دن ملا تھا خوش مزاج بھی ہے۔"

"کیا؟" اب اسکی آواز قدرے بلند تھی۔ لہجہ بے یقین۔

www.novelsclubb.com

"کدھر ملا تھا؟" وہ تیزی سے بولی۔

"گھر میں۔" شادی کے موضوع پر گفتگو سے زارا آپا بڑی راضی تھیں۔

"اتنے دنوں سے تم سے بات کرنا چاہتی تھی، پھر سوچا صحیح وقت پر کروں گی۔"

اس کے لہجے میں غصے کی رمق دیکھ کر وہ وضاحت دینے لگیں۔

"تمہارا دوست ہے... پسند تو ہو گا تمہیں۔؟"انہوں نے پوچھا نہیں تھا باور کرایا تھا۔

کہکشاں کو رستم کا چہرہ پھر سے دکھنے لگا۔

(آہا جان کیوں نہیں چھوڑتا یہ۔)اس نے سر دائیں بائیں ہلایا۔

"میں اس سے شادی کیوں کروں گی؟آپ کیا کہتی جا رہی ہیں آپا۔"اب کہ وہ جھنجھلائی تھی۔

اس سے بے نیاز زارا آپا اپنی کہہ رہی تھیں۔"اتنی چوٹیں لگی تھیں بیچارے کو تم نے اسکی میزبانی بھی نہ کرنے دی۔"وہ اس پر چڑھ دوڑیں۔کہکشاں کی رنگت پل میں بدلی۔

"کیا سوچے گا وہ ہمارے بارے میں۔؟"اب وہ اسے ڈانٹ رہی تھیں۔

"آپ کس کی بات کر رہی ہیں؟" وہ جو سمجھ گئی تھی کہ کس کی بات ہو رہی ہے، جان کر بھی انجان بنتے سوال کر گئی۔

"تمہارے دوست کی۔" زارا آپا نے مطمئن انداز میں اپنے کہے کی تفصیل دی۔

"کونسا دوست؟" وہ سر پیٹنے کو تیار تھی۔

"سوہنا سا۔"

"آپا...." اسکو تپ چڑھی۔ آواز میں تنبیہہ تھی۔

"آج کے بعد آپ مجھ سے شادی کا ذکر نہیں کریں گی۔" وہ ناگواری سے بولی۔

www.novelsclubb.com

زارا آپا کا رنگ پھیکا پڑا پھر تاثرات بدلے۔

"میں تو بس۔۔۔"

"ہاں جی آپ تو بس کر دیں اب۔" وہ اٹھ کھڑی ہوئی۔ زارا آپا نے سٹپٹا کر اسے دیکھا۔

"ہر وقت... شادی... شادی... شادی۔" اس نے کھینچ کھینچ کر لفظ ادا کیے۔

اب وہ گھاس پر رکھے سلیپرز پہن رہی تھی۔ لیپ ٹاپ ہاتھ میں اٹھا رکھا تھا۔ وہ جانے کو تیار تھی۔

"تم نے کہا تھا غصہ نہیں کرو گی۔" زارا آپا خفا لگتی تھیں۔

"میں نے کہا تھا موضوع پر منحصر ہے۔" وہ ترش لہجے میں کہتی ہوئی مڑ گئی۔

"کیا بنے گا اس لڑکی کا؟" اسے جاتے ہوئے دیکھ کر زارا آپا نے تاسف سے سر ہلایا۔ وہ محض یہ ہی تو کر سکتی تھیں۔

www.novelsclubb.com

شیرازی ہاؤس۔

نئ صبح پروان چڑھی تھی۔شیرازی ہاؤس میں موجود اس کمرے کی بتیاں روشن تھیں۔بیڈ پر کپڑوں کا انبار بکھرا پڑا تھا۔دفعتاً ڈریسنگ روم سے امن شیرازی برآمد ہوئی۔وہ بیڈ تک آئی۔ایک دوپٹہ اٹھایا اور تہہ لگانے لگی۔ملازموں کے ہوتے ہوئے بھی اسے اپنا کام خود کرنا اچھا لگتا تھا۔اسکے کمرے کی کھڑکی سے ٹھنڈی ہوا اندر آرہی تھی۔

کھڑکی سے باہر جھانکو تو شیرازی ہاؤس کا لان واضح ہوتا تھا۔آسمان بادلوں کی ہلکی سی چادر سے ڈھکا ہوا تھا یوں کہ سورج کی کرنیں اس چادر سے چھن کر نیچے گر رہی تھیں۔رات کی بارش نے ہر شے کو دھو ڈالا تھا۔درختوں کے نکھرے پتوں پر پانی کے قطرے موتیوں کی طرح چمک رہے تھے۔مٹی کی سوندھی سی مہک اسکے کمرے تک آتی تھی۔درخت کی شاخ پر بیٹھی کوئل کی مدھر سی آواز اس پل خاموشی کو سریلے نغمے سے توڑ رہی تھی۔

کوئل کے سُروں میں ایک اور آواز اسکی سماعت سے ٹکرائی۔الماری میں کپڑے رکھتی ہوئی امن کے ہاتھ رکے۔

"امن...."عزرابی کی آواز۔

"امن کہاں ہو؟"

"میں یہاں ہوں ماں۔"مدھم سی آواز میں جواب دیا۔البتہ سر الماری سے نہیں نکالا۔

آواز معدوم ہوئی تو وہ پھر سے اپنے کام میں مگن بیڈ تک آئی۔

وہاں پڑے کپڑوں میں سے چند ایک اس نے ہاتھ میں تھامے اس سے قبل کے وہ الماری کی جانب بڑھتی اسکے کمرے کی چوکھٹ میں ایک وجود نمودار ہوا۔

"بھابھی نے بلایا تھا بیٹا۔آپ آئی ہی نہیں...زیادہ مصروف تھی؟۔"انہوں نے شکوہ کیا۔

امن نے انکی بات پر لب کاٹے۔ڈھیروں شرمندگی نے اسے گھیر لیا۔چہرہ خفت سے سرخ ہوا۔

"میں آنے والی تھی بابا۔"اپنا پلڑا بھاری کرنے،اور خفت مٹانے کی سعی تھی۔

اقبال شیرازی بے ساختہ مسکرائے۔

"کوئی بات نہیں اپنی بیٹی سے ملنے تو آ ہی سکتا ہوں۔"وہ اسکا بوجھ ہلکا کر رہے تھے۔جانتے تھے کہ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں کو دل پر لے لیتی ہے۔

"آئیں ناں... بیٹھیں۔"اس نے ہاتھ میں تھامے کپڑوں کو بیڈ پر رکھا اور صوفہ کی جانب اشارہ کیا۔اقبال شیرازی نے صوفہ پر بیٹھ کر اسے ہاتھ سے اپنے ہمراہ بیٹھنے کا اشارہ کیا۔امن بنا کوئی سوال جواب ان کے ساتھ بائیں جانب بیٹھ گئی۔

وہ اسے دیکھ رہے تھے۔اور بہت غور سے دیکھ رہے تھے۔آنکھوں میں نمی کی لکیریں بننے لگی تھیں۔امن نے انکی آنکھوں میں جھلملاتے اپنے عکس کو دیکھا۔

"کیا ہوا بابا۔؟"اسکے لب ہلے۔

اقبال شیرازی نے سر کو نفی میں جنبش دی۔اب وہ اسکے سر پر پیار بھرا ہاتھ رکھ رہے تھے۔

امن کی آنکھوں کا تاثر پل بھر میں بدلا۔وہ انکی لرزتی پلکیں،کپکپاتے لب دیکھ سکتی تھی۔اسکی آنکھوں میں بھی نمکین پانی بھرنے لگا۔

اس نے انکا دوسرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا۔انکی اس کیفیت نے اسکا اندر ویران کر دیا تھا۔دل کسی بوجھ کے تلے دب گیا۔اسکے بابا ایسے تو نہ تھے۔

ایک لمبی سانس کھینچی۔

"آپ ٹھیک ہیں۔؟"نرم سا استفسار۔

بہت محبت سے انہوں نے امن کو دیکھا۔

www.novelsclubb.com

انکی آواز آنسوؤں کی وجہ سے "بیٹیاں کب بڑی ہو جاتی ہیں پتا ہی نہیں چلتا۔" رندھی ہوئی تھی۔

"کب انکا اپنا گھر انکے لیے پرایا، اور پرایا اپنا بن جاتا ہے پتا ہی نہیں چلتا۔" وہ بمشکل کہہ رہے تھے۔

امن کی آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔اسکی سانسیں بھاری ہو رہی تھیں۔

"ارے میری گڑیا رونا نہیں ہے۔" وہ شرمندہ ہوئے۔

"میں تو بس..." وہ اب اسے پچکار رہے تھے۔ان کے الفاظ بے ربط تھے۔اپنے غم میں کسی کو دلاسہ دینا بہت مشکل ہوتا ہے۔انکے لیے بھی تھا۔

"رستم بہت اچھا لڑکا ہے۔" نرم سے لہجے میں سمجھایا۔رستم کے نام پر روتی ہوئی امن کی دھڑکنیں منتشر ہوئیں۔

محبوب کا ذکر کسی بھی حال میں ہو محب کے دل کے تار چھیڑ دیتا ہے۔

"نہیں کر بیٹھا؟ اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی تو کہیں میں بیٹا،"

خدشات کو اس کے سامنے عیاں کر دیا۔ میں ابھرتے ذہن

"نہیں بابا..... وہ بلا تامل بولی۔

"ڈیڈ کے جانے کے بعد ہر وہ خوشی، ہر وہ آسائش، ہر وہ چیز آپ نے مجھے دی ہے جسکی مجھے چاہ تھی۔" امن کی گرفت انکے ہاتھوں پر مضبوط ہوئی۔

"یہ تمہاری زندگی کا اہم فیصلہ ہے۔" انہوں نے اسکی سرمئی آنکھوں میں جھانک کر کہا۔

"کیا تم خوش ہو؟" وہ بولے تو آواز گلوگیر تھی۔

اس تفتیش پر امن شیرازی کا دل کسی پہاڑ کی بلند چوٹی پر ہواؤں کے حصار میں جھومنے لگا۔

"خوش؟"

خوشی کیا ہوتی ہے اس پل کوئی امن سے پوچھتا جب اسکی نسبت اسکے پسندیدہ مرد کے ساتھ طے ہوئی تھی۔اسکے گال سرخ ہوئے۔

"جیسے آپ خوش،ویسے میں خوش۔"لالی چھلکاتے گالوں اور مسکراتی آنکھوں سے دیے جانے والے جواب نے اقبال شیرازی کے کندھوں سے منوں کا بوجھ ہٹا دیا۔

ان کے لب مسکرائے۔کوئی سکون سا تھا جو دل میں اتر گیا تھا۔

احسن کی چند دن قبل ہوئی گفتگو نے انہیں شش و پنج میں مبتلا کر دیا تھا۔کیا وہ باپ ہونے کا فرض نہیں نبھا سکے تھے؟۔کیا کچھ تھا جو غلط تھا؟

مگر نہیں۔

اسکی ایک سطر نے انکے واہموں کو دفن کر دیا۔اب کوئی ملال نہیں تھا۔کوئی گلٹ نہیں تھا۔محض خوشی تھی۔اطمینان تھا۔وہ اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر کمرے سے

چلے گئے۔امن بھی کپڑے سمیٹنے لگی۔اسکے چہرے پر کئی رنگ آجا رہے تھے۔

سرخ،گلابی،کندھاری۔

کھڑکی کے اس پار کوئل اپنے سُر ابھی بھی الاپ رہی تھی۔

خان ٹیکسٹائل۔

www.novelsclubb.com

حسبِ معمول آج بھی نیلی عمارت میں سب ورکرز اپنے اپنے کام نمٹا رہے تھے۔

ایونٹ کے لیے پرجوشی سب کے چہرے پر عیاں تھی۔ایک طرف کچھ لوگ

کمپیوٹر میں سر دیے ڈیٹا مینجمنٹ کا کام سنبھال رہے تھے تو وہیں دوسری طرف کچھ

لوگوں کی انگلیاں کاریگروں کی طرح کاغذات پر ڈیزائن بناتی نظر آتی تھیں۔کچھ وہ تھے جو اس سب کا جائزہ لیتے ادھر سے ادھر ٹہل رہے تھے۔ان متحرک لوگوں میں پریم چند بھی تھا۔سفید ڈریس شرٹ کے ساتھ سیاہ پینٹ میں ملبوس۔ہاتھ میں تھامی سیاہ جلد والی فائل کو سینے سے لگائے وہ ان لوگوں پر طائرانہ نگاہ دوڑاتے ہوئے شیشے کے دروازے کو عبور کر کے اندر آیا۔

"ہیلو سر۔"وہ اندر داخل ہوتے ہی بولا۔

"کیسے ہو پریم چند۔؟"رستم طیار لبوں پر مسکراہٹ سجائے کہہ رہا تھا۔

پریم چند کی باچھیں کھل گئیں۔"آئی ایم گڈ۔"

"سب ہو گیا ہے سر۔"وہ خوشی سے لبریز لہجے میں بولا تھا۔اس نے فائل رستم کے ہاتھ میں تھمائی۔

سیاہ تھری پیس سوٹ میں ملبوس رستم طیار بھی مسکرایا تھا۔

"کتنی ماڈلز ہائر کی ہیں۔؟"

"سر جتنی آپ نے بولا تھا۔تعداد میں نو ماڈلز۔"فائلز کھولتے ہوئے رستم نے تصدیق چاہی۔

ایجنسی ماڈلنگ پریم چند اسکے قریب ہو کر فائل کا مطلوبہ صفحہ کھولنے لگا تھا۔"سر پروفیشنلز ماڈلز ہی تجویز کی ہیں"۔ انہوں نے ہے کہ کا کہنا

نے اسے دیکھا۔ رستم

)ہو جائے؟"pre shot"مگر آپ چاہیں تو پری شوٹ(

"پریم چند ابھی اور بھی کام ہیں۔اس کے لیے بعد میں سوچیں گے۔وقت ہوا تو ضرور۔"اس نے گویا بات ختم کر دی تھی۔فائلز کو بند کرتے ہوئے میز پر رکھ دیا۔ پریم چند کی نظریں اسکی حرکات پر تھیں۔

www.novelsclubb.com

"سر کے کے کریئشنز کی جانب سے کوئی میل موصول نہیں ہوئی ابھی تک۔" وہ جو اب اسکا پرسنل سیکرٹری بھی تھا اسے ہر بات کی وضاحت دے رہا تھا۔

"ان سے بات میں کرلوں گا۔ تم ایسا کرو ہرا امپلائی سے کہہ دو کہ آج ہالف ٹائم کام کریں۔"

پریم چند مبہم سا مسکرایا۔ "جی سر یہ اچھا خیال ہے۔ پچھلے تین دنوں ایمپلائز نے اوور ٹائم بھی لگایا ہے۔" وہ اس کی بات سے پوری طرح متفق تھا۔

"سر ابھی کے کے کریئشنز کے ڈیزائنز دیکھنے میں یہ باقی کے تین دن بھی گزر جائیں گے۔ اور پھر اکتیس کو...."

www.novelsclubb.com

وہ مسکرایا۔ ہاتھوں سے جیسے ایل سی ڈی کی سکرین بنائی۔ "خان ٹیکسٹائل چھا جائے گا۔" وہ پُرمسرت تھا۔

رستم کی بھوری آنکھیں بھی چمک رہی تھیں۔

دوں گا۔ میں گھسنے نہیں ،میں اب دوبارہ کسی کتے کو خان ٹیکسٹائل سر بس"
"

سے اسے دیکھا۔البتہ بھوری وہ اپنی ہی لے میں کہہ رہا تھا۔رستم نے نا سمجھی پر پڑی تو اسکی آنکھوں میں چمک کی بجائے تشویش تھی۔پریم چند کی نظر اس مسکراہٹ گہری ہوئی۔

"سر آپ کو معلوم ہے آج وہ (منہ کے زاویے بگاڑے) آئے تھے۔اور میں نے گارڈ کو بولا کے باہر سے ہی کھسکا دو۔"اس نے ہاتھ رفع دفع کرنے والے انداز میں جھاڑتے قہقہہ لگایا۔

www.novelsclubb.com

"آیا کون تھا پریم چند۔؟"وہ جس کی خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی رستم کا سرد استفسار سن کر ماتھے پر ہاتھ مارا۔

پھر میز پر ہاتھ رکھ کر آگے کو جھکا۔"چور سر....چور"مدھم سی سرگوشی تھی۔

"وہ جس نے اپنے ہی گھر کو لوٹ لیا۔"

اسکا موقف سمجھ کر رستم نے ہاتھ کی مٹھیاں بھینچ لیں۔ کنپٹی کی نسیں پھڑ پھڑانے لگیں۔ رنگت سرخ ہونے لگی۔ وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ اسکے تاثرات جانچ کر پریم چند کے گلے میں گلٹی ابھر کر معدوم ہوئی۔

"کیا کہہ رہے ہو تم؟ پھر سے کہو۔" اس کے لہجے میں ترشی تھی۔

"میں کہہ رہا ہوں پھر سے کہو۔" وہ غرایا۔

"وہ۔۔۔وہ۔۔۔میں۔۔۔"

"ہاں بولو پریم چند۔" بھوری آنکھوں میں خون اتر آیا تھا۔

"وہ میں.... میں سر کچھ نہیں پریم چند کی زبان گویا تالو سے چپک گئی تھی۔

سر۔۔۔" وہ بمشکل کہہ رہا تھا۔

"سوری سر۔۔۔۔سوری۔"

www.novelsclubb.com

"آئندہ طیار انڈسٹری کا دوسرا وارث یہاں آئے تو اسے وہ عزت دی جائے جو ایک باس ڈیزرو کرتا ہے۔" رستم نے آہستگی سے اسکا گال تھپکا۔وہ طیش بھری آنکھوں سے اسے گھورتے ہوئے باور کروا رہا تھا۔

"ورنہ....؟؟"

"جی جی...جی سر سمجھ گیا۔"

چند نے نظریں جھکا لیں۔وہ اب میز پر پڑی اس تختی کو دیکھ رہا تھا جس پر "سی پریم رستم خان" انگریزی میں کنندہ تھا۔ ای او

وہ پیچھے ہٹا۔پریم چند کا پیر آزاد ہوا تو اس نے تشکر بھرا گہرا سانس لیا۔

"سر میں معذرت خواہ ہوں۔" وہ واقعی شرمندہ ہوا تھا۔

"مجھے تمہاری شرمندگی سے کوئی سروکار نہیں۔آئندہ تم نے ایسا کچھ کیا تو یاد رکھنا جب بات اپنوں کی ہو تو رستم طیار سے خطرناک اور کوئی نہیں ہے۔"اس نے قہر بار لہجے میں کہا۔اسکی آنکھوں کی سفاکیت پر یم چند کو سہما گئی۔

"جی سر۔۔۔"وہ بمشکل بولا تھا۔سر جھک چکا تھا۔

غلطیوں پر پشیمانی کے سوا ملتا ہی کیا ہے۔؟

رستم نے کرسی سنبھالی۔"گیٹ لاسٹ۔"آواز اونچی تھی۔

اس کے کہنے کی دیر تھی کہ پریم چند لڑکھڑاتے قدموں سے دروازے سے نکل گیا۔

www.novelsclubb.com

"ایڈیٹ۔"اس نے سر جھٹکا۔بلاوجہ اس کا پارا چڑھا دیا تھا پریم چند نے۔

رستم نے چہرے پر ہاتھ پھیرتے خود کو کمپوز کیا۔پھر سرخ ہوتی بھوری آنکھوں میں سوچ کی پرچھائیاں چھانے لگی تھیں۔

"سر کے کے کر ئیشنز کی جانب سے کوئی میل موصول نہیں ہوئی ابھی تک۔"پریم چند کے الفاظ دوبارہ کانوں میں گونجے تھے۔اس نے لمبی سانس خارج کرتے میز پر دھرا اپنا موبائل اٹھایا۔چند بٹن دبائے۔آنکھیں اسکرین پر مرکوز ہو کر رہ گئی تھیں۔

وہ اب انگلیوں کو حرکت میں لاتے کی بورڈ پر سوچ سوچ کر کچھ ٹائپ کر رہا تھا۔ سست روی سے اس نے ایک سطر لکھی تھی۔

" راضی ہوں۔ میں"

ہی پڑھی۔(سر کو نفی میں ہلایا۔)اونہوں۔ خود

تیز۔ اب کچھ اور لکھ رہا تھا۔دل بھاری ہو رہا تھا اور سانسیں وہ

"میں نے....آپ نے جو کہا اس بارے میں سوچا۔مجھے کوئی اعتراض نہیں۔"

www.novelsclubb.com

اس مٹا رہا تھا۔الفاظ احساسات سے عاری تھے مگر وزنی۔ لکھتے ہی وہ اسے یہ اس بوجھ کا کیا کرے؟ کے دل پر بوجھ بڑھتا ہی جا رہا تھا۔وہ

نے موبائل کو میز پر پٹخ دیا۔ اس

چند پل،اس نے محض سانسیں لی تھیں۔زندگی بوجھل سی تھی۔قلب پر ثقیل شے کتنے لمحے وہ یوں ہی کا بوجھ تھا۔آفس کی دیواروں نے اسے ترحم سے تکا تھا۔پھر بیٹھا۔موبائل بیٹھا رہا،سر کرسی سے ٹکائے آنکھیں موندے۔یکلخت وہ سیدھا ہو تھاما۔

اب لکھ رہا تھا۔اسکے عمل میں تیزی تھی۔چہرہ سنجیدہ۔دل مطمئن۔ وہ

نے پیغام لکھا۔پھر پڑھا۔اور پھر مسکرایا۔سینڈ کا بٹن دبا دیا گیا۔اس کا پیغام اس اڑان بھر چکا تھا۔وہ جانتا تھا اگلے ہی سیکنڈ یہ میسج ریسیور تک پہنچ جائے گا کیونکہ یہ آج کا دور تھا۔پیغام یا خط پہنچانے کے لیے کبوتروں کی ضرورت تھی اور نہ ہی ڈاک کا جھنجھٹ۔

اب وہ سکون سے سر کرسی سے ٹکائے دائیں بائیں جھول رہا تھا۔ نگاہیں چھت پر مرکوز تھیں۔اور ذہن کہیں بٹا ہوا تھا۔

"شاپ میں آؤ تو وہاں اس پل گاہکوں کا رش kk's jewelry اسلام آباد میں" تھا۔

سیاہ تھیم والے آفس میں وہ ریوالونگ چیئر پر بیٹھی جھول رہی تھی۔

موبائل میں میل باکس کھول رکھا تھا۔

"We are getting married"

انگریزی میں لکھی سطر پڑھ کر اسکے لبوں پر فاتحانہ تبسم بکھرا تھا۔ مفلر میں انگلیاں الجھا کر اسے سیدھا کرتی ہوئی وہ مسلسل مسکرا رہی تھی۔ سیاہ در و دیوار متحیر تھے۔ انہوں نے اسے بہت کم مسکراتے دیکھا تھا۔

اس نے موبائل کو میز پر رکھا۔ پھر آنکھیں سیاہ چھت پر جمالیں۔ گلاس وال سے پورے آفس میں روشنی تھی۔ اسکی رنگت چمک رہی تھی۔ سبز آنکھیں مسرور تھیں۔ دفعتاً وہ سیدھی ہوئی۔ موبائل پھر سے اٹھایا۔ چند بٹن دبائے اور پھر میز پر رکھ دیا۔ وہ پھر سے اسی پوزیشن میں تھی۔ مطمئن، مسرور اور آرمیدہ۔

"میم مے آئی کم ان۔؟" کچھ وقت بعد الفاظ سنائی دیے تو اسکی مسکراہٹ سمٹی۔ وہ یکدم سیدھی ہو بیٹھی۔ چہرہ سنجیدہ ہو گیا۔

"شیور۔" بڑی توند والا مینیجر اسکی اجازت پر آفس میں داخل ہوا۔

"جی میم۔" وہ جسے میسج کر کے بلایا گیا تھا اب وہ اسکے لائق کیا کام ہے؟ وہ پوچھ رہا تھا۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

"سب مکمل ہے؟۔"

"جی میم، جو جو ڈیزائنز آپ نے بنائے تھے ان کی جیولری تیار ہے۔انفیکٹ جو آپ نے کہا تھا کہ سیٹ کرنا ہے وہ بھی ہو چکا ہے۔"وہ تحمل اور اطمینان سے بولا تھا۔

"اوکے، ویری گڈ۔آج شام تمام جیولری کے کے کریئشنز پہنچ جانی چاہیے۔"اس نے حکم صادر کیا تو مینیجر نے تابعداری سے سر کو خم دیا۔

"میم....وہ جو بریسلٹس آپ نے کہا تھا...."

"انہیں بھی بجھوا دینا۔"وہ اسکی بات کاٹتے ہوئے بولی تھی۔

مینیجر اجازت طلب کر کے آفس سے چلا گیا تھا۔وہ دوبارہ پشت کرسی سے ٹکا گئی۔

کہکشاں کے لبوں پر تبسم نے واپس بسیرا کر لیا۔چمک جو ایک فاتح کی آنکھوں میں ہوتی ہے اسکی سبز آنکھوں میں بھی تھی۔

اس نے کاغذات کے بخرے ہوا میں اچھال کر بھی،ایونٹ کی تیاریوں کو جاری رکھا تھا،اور وہ ایونٹ کی تیاریاں مکمل بھی کر چکی تھی۔ تین دن بعد اسکا جواب آیا تھا پھر بھی....

واللہ اسے یقین تھا کہ رستم کی جانب سے جواب آئے گا اور مطمئنہ جواب آئے گا۔ رستم کی شکست کے اعلان نے کے کے کو فاتح بنا دیا تھا۔وہ تو ہمیشہ سے ہی فاتح تھی

۔

مگر کیا رستم طیار نے ہار کا اعتراف کیا تھا؟

کیا اس نے اس بساط میں مات قبول کی تھی؟

www.novelsclubb.com

اسلام آباد۔

اسلام آباد میں موسم حبس زدہ تھا۔سورج کی fresh air city پاکستان کے دہکتی شعاعوں نے شہریوں کے لیے زندگی مفلوج بنادی تھی۔دوپہر کا وقت جب سورج، بے رحم ہو کر دہکتے شعلے برسا تھا اسی لمحے وہ اے سی والی رینج روور میں سفر کرتا ہوا منزل کی جانب رواں دواں تھا۔یہ کوئی صنعتی علاقہ تھا۔بجلی کے بڑے بڑے کھمبے ان پر لپٹی تاریں بھی گرمی سے پناہ طلب کر رہی تھیں۔اسکی سیاہ رینج روور برق رفتاری سے چلتی ہوئی اپنے پیچھے دھول اڑا رہی تھی۔دفعتاً وہ گاڑی رکی۔

کیا منزل آگئی تھی؟

دروازہ کھولتے ہی وہ اترا۔براؤن ڈریس پینٹ شرٹ میں ملبوس، حسب معمول کوٹ بازو پر لٹک رہا تھا۔اس نے بالوں میں ہاتھ پھیرا۔

اسکے سامنے آسمان کو چھوتی بہت سی عمارتیں تھیں۔وہ قدم بہ قدم چلتا ہوا ایک عمارت کے سامنے رکا۔مٹیالے رنگ کی عمارت۔جس پر کہیں کہیں نیلے پینٹ کی پرت تھی۔اس نے جیب سے چابیوں کا گچھا نکالا۔

عمارت کے بڑے سے زنگ آلود گیٹ پر لگے تالے میں چابی گھمائی مگر وہ کھلنے سے انکاری تھا۔

پھر سے کوشش کی۔

بلآخر چند منٹوں کی تگ ودو کے بعد وہ تالا کھل گیا۔اس نے قوت لگا کر گیٹ کے پٹ کو دھکیلا۔دروزاہ چرچراہٹ کے ساتھ کھلا تھا یوں جیسے اس نے سالوں بعد کسی کو خوش آمدید کہا ہو۔

وہ اندر آیا۔جگہ جگہ گھاس اُگی ہوئی تھی۔یوں کہ اس کے پاؤں اس میں چھپ جاتے تھے۔عمارت کا زیادہ تر حصہ مٹی اور کائی سے ڈھکا ہوا تھا۔وہ یوں دکھائی دیتی تھی جیسے کوئی شاہی قلعہ اپنی شان و شوکت کھو چکا ہو۔

عمارت کے اندر وسیع رقبہ خالی تھا۔اس پارکنگ میں اب ٹرک اور گاڑیاں غیر موجود تھیں۔اس نے اپنے سامنے کھڑی بلند و بالا عمارت کو دیکھا۔عمارت کی فصیل پر خستہ حال رنگ وروغن تھا جہاں جگہ جگہ دڑاریں تھیں۔وہ اپنے سامنے کھڑی عمارت کو یاسیت سے دیکھے گیا۔

وہ وجود چلتا ہوا اندر کی جانب بڑھا۔اس نے چابی سے پھر سے وہاں لگا تالا کھولا۔اندر اسکا استقبال اندھیرے اور سناٹے نے کیا تھا۔اس نے بتیاں روشن کیں۔چک کی آواز سے بتیاں روشن ہوئیں۔روشنی ابھی بھی مدھم تھی۔جلتی بجھتی لائٹیں،اپنے خراب ہونے کا ثبوت دیتی تھیں۔

www.novelsclubb.com

اس جگہ کے وسیع ہال میں بڑی بڑی، مشینیں تھیں جو گرد سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ مشینوں کے گرد پرانے کپڑے اور دھاگے کے بوبنز بکھرے پڑے تھے۔

وہ مجسمہ بنا یک ٹک ہر چیز کو سکین کر رہا تھا۔عمارت کی خستہ حالی پر اسکے اندر کچھ چھن سے ٹوٹا تھا یوں کہ گھائل وجود ہی نہیں روح بھی ہوئی تھی۔رکابیوں اور

کنکریٹ کی کھچاک کے درمیان کرسیوں اور میزوں کا انبار بکھرا ہوا تھا جن پر دھول کی تہہ جم گئی تھی۔اسکے قدموں کی چاپ گونج رہی تھی وہ ماربل فلور پر چلتا ہوا ہر چیز کو پھٹی پھٹی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔پھر وہ بائیں اطراف بنی سیاہ راہداری میں چلنے لگا۔خوفناک اندھیرے سے بھی وہ ڈر میں مبتلا نہیں ہوا تھا۔

دفعتاً وہ رکا۔وہاں شیشے کا دروازہ تھا۔اس نے موبائل کی فلیش لائٹ آن کی۔ دروازے کی ناب گھما کر وہ اندر آیا۔اس جگہ کی حالت بکھری ہوئی تھی رستم طیار بھی بکھر سا گیا۔قدموں پر کھڑا ہونا محال ہوا۔یہ وہ جگہ تھی جس پر وہ دھول برداشت نہیں کرتا تھا۔

www.novelsclubb.com

اور اب.....؟

وہ روشنی مارتے ہوئے ہر چیز کو دیکھنے لگا۔کونے میں کٹنگ بورڈ تھا جس پر زنگ آلود قینچی تھی۔

کپڑوں کے ٹکڑے۔ جگہ کے وسط میں کھڑا مجسمہ دھول سے اٹا ہوا لباس پہنے ہوئے تھا۔

یہ اسکا **سٹوڈیو** تھا۔ وقت کا مختصر مگر خاص لمحہ وہاں گزرا تھا۔ دیواروں پر دھول کی اوٹ میں چھپی ہوئیں فنکارانہ تصویریں، اور وہاں موجود دوسری اشیا کی باقیات اسے اذیت دے رہی تھیں۔ اس جگہ کی دلکشی وقت کی دھند میں لپٹی کسی کو اسکی شکست کا احساس دلا رہی تھی۔

وہ سٹوڈیو جہاں اس نے خواب بُنے تھے، وہ جگہ جہاں اس نے دل لگایا تھا اب ایک تاریخی ورثے کی مانند اسے ماضی کی یادوں کی بیڑیوں میں باندھ رہی تھی۔

اس نے زمین پر گرا ہوا ایک کپڑا اٹھایا۔ موبائل ٹارچ میں مٹی میں لتھڑے اس کپڑے کا رنگ گہرا سبز تھا۔ رستم کے اندر کچھ تھا جو ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا۔ وہ جسے "دل" کہتے ہیں۔

اس نے موبائل کو میز پر الٹا کر کے رکھ دیا۔یوں کہ روشنی چھت سے ٹکرا کر پورے کمرے میں پھیل رہی تھی۔اس نے میز پر گرد کے حصار میں لپٹی قینچی اٹھائی۔زنگ آلود قینچی کچھ بھی کاٹنے سے انکاری تھی۔بازو پر لٹکے کوٹ سے میز پر جمی گرد کو رگڑا۔دھول سے اٹا ہوا کپڑا جھاڑ کر اس پر بچھایا۔وہ اب اسکی تہہ لگا کر کسی ماہر درزی کی طرح اسے کاٹنے کی کوشش کر رہا تھا۔

درزی کی قینچی اسکا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔مدھم سی لو میں اسکی بھوری ماہر تو تمہیں خوف آئے گا۔وہ کوئی جنونی تھا۔بمشکل ہی سہی مگر وہ آنکھوں میں جھانکو اس تاریک راہداری میں جس سے چند پل قبل وہ گزر کر آیا کپڑا کاٹ رہا تھا۔دفعتاً اتنی تیز تھی کہ وہ جنونی اس آواز کو سن سکتا تھا۔ تھا قدموں کی چاپ گونجی۔آواز ہاتھ نہیں رکے۔ مگر اسکا دھیان نہیں بٹا،اسکے

"آ گئے تم؟"زمین پر بننے والے سیاہ سائے کو دیکھتے ہوئے سوال کیا۔

"مجھے تو آنا ہی تھا۔"چوکھٹ میں ایستادہ وجود گویا ہوا۔

www.novelsclubb.com

"تم یہاں کیا کر رہے ہو؟"نووارد کی آواز میں تمسخر کے نشتر تھے۔

"مجھے تو یہاں آنا ہی تھا۔"ان نشتروں سے اسے درد نہیں ہوا تھا۔جتنے نشتر اسکے وجود میں کُھب چکے تھے شاید یہ کچھ بھی نہ تھا۔

نووارد کا فلک شگاف قہقہہ گونجا۔"واپس آنا تھا تو پانچ سال پہلے گئے کیوں تھے؟"

یہاں کپڑا کاٹتے ہوئے رستم کے اندر بھی کچھ کٹ گیا۔شاید نئی امنگیں اور کچھ پرانے زخموں کے ٹانکے۔

اس نے سرد آہ بھری۔"وہ وقت پلٹ جانے کا تھا اور یہ وقت لوٹ آنے کا۔"

"واہ تب تم پلٹ گئے اب تم لوٹ آئے ہو۔؟اب واپسی کی ٹکٹیں ساتھ لائے ہو؟

"وہ ہنسا۔حظ اٹھاتی ہنسی۔تمسخر اڑاتا انداز۔

اب وہ تالی پیٹ رہا تھا۔

"ہوتا۔کچھ سفر ایسے ہوتے ہیں جن سے واپسی کا امکان نہیں"

"سختیاں نہیں جھیل سکتا"۔ آنا سہل ہوتا ہے اور واپسی کٹھن۔اب میں تکان کی

کیا تھا؟ یہ

بے بسی کا اعتراف؟ ماضی کی

،حال کے عزم کا اظہار۔؟

یا مستقبل میں تکمیل کا پیغام؟

سے قاصر تھا۔ چوکھٹ میں کھڑا وہ شخص اسکی پشت دیکھتے ہوئے یہ سمجھنے

"یہ جگہ خستہ حال ہے دوبارہ تعمیر ہو جائے گی۔ مگر یہاں صرف کانچ کے ٹکڑے

نہیں ہیں تمہارے ٹوٹے ہوئے خوابوں کی کرچیاں ہیں۔یہ کرچیاں تمہاری

انگلیاں زخمی کر دیں گی رستم۔"اب کے اسکی آواز میں تاکید تھی۔رنج تھا۔

"منظور ہے۔دل کے زخموں کا مرہم اگر زخمی انگلیوں سے بہتا لہو ہے تو منظور ہے۔

"اسکی آواز پُر عزم تھی۔

www.novelsclubb.com

"تم بہت جلد مجبور کر دیے جاتے ہو۔" اب کی بار وہ ہنسا۔ "مجبور انسان کچھ نہیں کر سکتا۔" یہ مذاق تھا۔

اب کی بار رستم کا قہقہہ گونجا۔ یہ خود کی کیفیت پر ملال کا اظہار تھا۔ یہ خود کی بے بسی پر خود کو مارا جانے والا طمانچہ تھا۔ یہ خود کی غلطیوں پر خود کو دی جانے والی ایک سزا کا اعلان تھا۔

"مجبوریوں کا قتلِ عام کر کے انہیں دفنا کر آیا ہوں۔" وہ پلٹا۔ چوکھٹ میں کھڑے شخص اور کٹنگ بورڈ کے پاس کھڑے شخص نے اب ایک دوسرے کو دیکھا تھا۔ وہ بلال تھا۔ اسکا دوست۔ اسکا ساتھی۔

www.novelsclubb.com

"اب بتاؤ؟ کچھ کر پاؤں گا یا نہیں۔" بھنویں اچکا کر استفسار کیا۔

"کر تو تم بہت کچھ سکتے ہو مگر ان زنجیروں کا کیا جو ہر پل تمہارے تعاقب میں رہتی ہیں؟" وہ اسے کیا باور کروا رہا تھا۔ کس چیز سے بچاؤ کی ہدایت دے رہا تھا۔؟

"وہ زنجیریں رستم توڑ آیا ہے۔" رستم کا کہنا تھا کہ اسکے مقابل کھڑے شخص کا تاثر بدلا۔ حیرت کی انوکھی داستان اسکے چہرے پر رقم ہو گئی۔ اسکی نگاہوں میں تفتیش تھی۔ کیا واقعی ایسا ہوا ہے؟

گرفت میں تھا جب زنجیریں جب تک مجھے تسکین دیتی رہیں تب تک میں انکی وہ ۔ مجھے اذیت دینے لگیں انہیں توڑ دیا۔" اس نے قدم نووارد کی جانب بڑھائے

"میں نے صحیح کیا کیا؟" وہ اسکے شانے پر ہاتھ رکھ کر پوچھ رہا تھا۔ بلال گردن کو اثبات میں جنبش دیتا **آزاد رستم** کو گلے سے لگا گیا۔

" تمہیں یوں ہی دیکھنا چاہتا تھا۔ میں"

حصار میں نرمی تھی۔ آنکھوں میں نمی۔

" ۔ میری چاہت کی تکمیل نے مجھے سرخرو کر دیا ہے رستم"

www.novelsclubb.com

رستم کے لب مسکرا رہے تھے۔ سکون کی لہر اسکے اندر سرائیت یہ اظہارِ تشکر تھا۔ کر گئی۔

"مجھے بھی۔" پراسرار سی آواز۔ خوشی سے لبریز افشا۔

طیار ہاؤس کے اسی لمحے اگر لاہور میں موجود اس پوش علاقے میں بنے وقت تو سارے میں سناٹا تھا۔ معمول کی طرح آج کوئی ورکر نظر نہیں آتا میں قدم رکھو سی تھی۔ البتہ اندرونی ماحول اس کے برعکس تھا۔ میوزک کی تھا۔ فضا میں خاموشی ٹی وی لاؤنج میں رکھے وی لاؤنج سے آرہی تھی۔ مدھم سی آواز تھی جو شاید ٹی صوفوں پر وہ ٹریک سوٹ میں ملبوس ٹانگ پر ٹانگ جما کر بیٹھا تھا۔ حلیہ رف سا تھا۔

بال ماتھے پر بکھرے تھے اور وہ بڑے انہماک سے سامنے چلتی سکرین کو دیکھ رہا تھا۔

ہاتھ میں پاپ کارن کا باؤل تھا۔یکے بعد دیگرے وہ ایک ایک پاپ کارن کھا رہا تھا۔

ایل ای ڈی کی سکرین پر کوئی ہالی ووڈ مووی چل رہی تھی۔

کسی کے قدموں کی آواز پر اس نے زرا کی زرا رخ موڑ کر دیکھا، کلثوم بیگم اس کے ہمراہ بیٹھ رہی تھیں۔اس نے نظریں دوبارہ سامنے موڑ لیں۔

دفعتاً باہر پورچ میں گاڑی کھڑی ہونے کی آواز آئی تھی۔

چند سیکنڈ بعد اندرونی دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آواز پر کلثوم بیگم سیدھی ہو بیٹھیں لیکن احتشام کی پوزیشن میں کوئی فرق نہیں آیا۔وہ ویسے ہی بیٹھا پاپ کارن اور مووی سے انصاف کر رہا تھا۔

www.novelsclubb.com

اب کہ قدموں کی آوازان کے قریب آگئی۔کلثوم بیگم نے نظریں دروازے کی جانب موڑیں تو وہ ہشاش بشاش اندر داخل ہو رہی تھی۔وہ گلابی رنگ کے لباس بال شانوں پر جھول رہے تھے۔کانوں میں ہینڈز فری میں ملبوس تھی۔سنہری تھی۔اسکے ہاتھ میں بہت سارے شاپنگ بیگز لگائے وہ ساتھ ساتھ کچھ گنگنا رہی ہمراہ بیٹھ گئی۔بیگز ٹیبل پر رکھ دیے۔ تھے۔وہ انہیں سلام کرتی ہوئی احتشام کے عشال بائیں جانب۔ اب کلثوم بیگم احتشام کے دائیں جانب تھیں اور

میز پر رکھے ہوئے شاپنگ بیگز دیکھ احتشام کو اچھنبا ہوا۔

"اتنی ساری شاپنگ۔"وہ یکدم سے بولا تھا۔اسے تو جیسے صدمہ لگ گیا۔

عشال نے ببل گم چباتے ہوئے ہوئے اسے ناگواری سے دیکھا۔

"آپکے پیسوں سے نہیں کی۔"وہ دانت کچکچا کر بولی تھی۔زبردستی کی ایک مسکراہٹ بھی لبوں پر سجالی۔

"ممی دیکھ رہی ہیں ناں۔" وہ سیخ پا ہوا۔

"دیکھ رہی ہوں!" کلثوم بیگم کی نظریں اسکرین پر تھیں۔

"یہ دیکھو کتنا کمبخت ہے ماری جا رہا ہے اسے۔" وہ اسکرین دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھیں۔

"ممی آپ نے اسکی بات سنی۔"

اس نے ان کا شانہ ہلایا۔

کلثوم بیگم نے کندھا اچکا کر اسکا ہاتھ جیسے ہٹانے کی کوشش کرتے ہوئے اسے بے زاری سے دیکھا تھا۔

"کس کس کی سنوں میں؟" وہ ناچاہتے ہوئے بھی سخت ہوئیں۔ احتشام نے غصے میں ایل ای ڈی کی اسکرین بجھا دی۔

"پہلے دیکھیں۔ یہ مجھے باتیں سنا رہی ہے۔" اس نے دوبارہ شکایت لگائی۔

www.novelsclubb.com

عشال نے آنکھیں گھمائیں۔

"تم اسی لائق ہو۔" وہ اس کے ہاتھ سے ریموٹ کھینچ رہی تھیں۔

"اتنی شاپنگ کر آئی ہے۔اسکو پیسے دے دیے رستم نے؟" بلآخر وہ مدعے پر آیا تھا۔

کلثوم بیگم اب کے سیدھی ہوئیں۔لبوں پر مسکراہٹ رینگی۔اور آنکھوں کی چمک بڑھ گئی۔وہ سفید لباس میں ملبوس تھیں۔سفید قمیص پر ہاتھ کی کڑھائی کے رنگ برنگے پھول بنے تھے پھولوں جیسا رنگ برنگا ریشمی دوپٹہ ان کے کندھے پر تھا۔بال بھی ہمیشہ کی طرح جوڑے میں بندھے تھے۔وہ فیشن ایبل تھیں۔

"آپ کو پیسے دیے رستم نے؟"

وہ متحیر ہوا۔

کلثوم بیگم اور عشال کی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی۔

"وہ مجھے نہ نہیں کہہ سکتا۔" انکا چہرہ چمک اٹھا۔ کیا مان تھا؟

"اور اسکو بھی؟" احتشام حقیقتاً حیران ہوا تھا۔ عشال کے لبوں کی تراش پر مسکراہٹ ابھری۔ طنزیہ اور استہزایہ مسکراہٹ۔

"ممی یہ ہواؤں میں اڑ رہی ہے۔" وہ رو دینے کو تھا۔

"آپ بھی اڑ ہی رہے تھے۔" وہ طنزیہ بولی۔ وہ کونسا کسی سے کم تھی۔ اسکی رنگت میں نکھار آیا تھا۔ وہ یوں لگتی تھی جیسے زمانے بھر کی خوشیاں اسکے دامن میں آن گری ہوں۔

"کیا کیا خرید لائی ہو؟" پرجوشی سے پوچھا۔

"سب کچھ۔" وہ شاپنگ بیگز کھولنے لگی۔

"ممی وہ بدل گیا ہے؟ یا میرے ساتھ اسکا رویہ بدلا ہے؟"

وہ ششدر تھا۔ اس سے یہ سب ہزم نہیں ہو رہا تھا۔

"وہ بدلا نہیں ہے۔یہ اسکا اصل ہے۔اور اصل چھپائے نہیں چھپتا۔"ان کا دھیان اب شاپنگ بیگ سے نکالے ہوئے سرخ جوڑے کی طرف نہیں تھا۔وہ اب احتشام کو دیکھ رہی تھیں۔

"وہ شروع سے ایسا تو نہیں تھا۔"اسکے لب ہلے۔

یہ لہجے کی سختی،اور سنگ دلی اس ""وہ شروع سے ایسا ہی تھا۔"انہوں نے کہہ دیا۔ اثر بولی تھیں۔ کا اصل ہے۔"وہ کسی سوچ کے زیرِ

"ممی اسے قابو میں رکھیں ورنہ آپ پچھتائیں گی۔"وہ غصے سے بولا۔انداز میں تنبیہ تھی۔

www.novelsclubb.com

" کلثوم کے لیے نہیں بنے۔ پچھتاوے"

کی آنکھیں چمکی تھیں۔ ان

" کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو جائے،رہے گا تو پنجرے میں ہی۔ شیر"

انہوں نے ہاتھ کی مٹھی بنائی۔

"ابھی آپ یوں کرتی رہیں بعد میں۔۔۔"اسکی بات ادھوری رہ گئی۔

"بعد کی بعد میں دیکھی جائے گی،آپ جلنا تھوڑا کم کریں مجھے گرمی لگ رہی ہے۔"عشال نے تپے ہوئے کو مزید تپا دیا تھا۔

وہ غصے سے پیر پٹکتے اٹھ کھڑا ہوا۔

"دیکھ لوں گا میں تمہیں بھی۔ہنہہ"جوتے پاؤں میں اڑسے اور تن فن کرتا وہاں سے نکلتا چلا گیا۔

"آئے بڑے۔"عیشال نے منہ کے زاویے بگاڑے۔کلثوم بیگم کی نظریں اسی پر تھیں۔وہ بھی اب اپنا سامان سمیٹ رہی تھی۔

"میں زرا اپنی شاپنگ دیکھ لوں۔"وہ تمام شاپنگ بیگز لے کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔

کلثوم بیگم تنہا بیٹھی رہ گئی تھیں۔ان کی آنکھیں پر سوچ تھیں۔ذہن کہیں الجھا ہوا تھا۔انہوں نے سر جھٹکا۔یہ تو روز کا معمول تھا۔

اب وہ ریموٹ اٹھائے دوبارہ ایل ای ڈی کی اسکرین آن کر رہی تھیں۔

نظر آئے گا۔ہاتھ رستم طیار چوکھٹ میں کھڑا میں واپس آؤ تو تمہیں سٹوڈیو کو کال ملا رہا تھا۔اس کا نمبر بند جا رہا تھا۔ احسن میں تھامے موبائل پر وہ بار بار سے رابطہ کرنا تھا۔ گئی تھیں۔اسے بس اس موبائل اسکرین پر جمی سی نظریں دوست غم میں تھا تو اسکا دل بھی دکھ رہا تھا۔ اسکا حال جاننا تھا۔اسکا

دوست وہی مگر سچا لوگ کہتے ہیں ہم تمہارے دوست ہیں۔ کو تو بہت کہنے اور تمہارا غم اُسے ہوتا ہے جو تمہاری مسکراہٹ میں اپنی خوشی محسوس کرے پریشان کر دے۔

اداسی میں لپٹا چہرہ اسکرین پر جھکائے بیٹھا تھا بلال کے "رستم" کہنے پر اس جو وہ میں اڑسا۔ جیب نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا۔ پھر موبائل کو

"اچھا اب بتاؤ کیا کرنا ہے؟" ماربل فرش جو گرد سے ڈھکا تھا مہنگے لباس میں ملبوس رستم طیار فرش پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ گیا۔

"یہ جگہ تمہارے قابل نہیں۔" لہجہ قلق آمیز تھا۔

"اوہو بلال... بیٹھنے کے لیے زمین سے اچھی کوئی نشست نہیں ہوتی کیوں کہ زمین پر بیٹھ کر گرنے کا ڈر نہیں ہوتا۔" بلال مسکرایا۔ رستم طیار نہیں بدلا تھا۔ پیسہ، اور عہدہ انسان کو مغرور بنا دیتا ہے مگر رستم طیار آج بھی عاجز تھا۔ بلال کی سوچ نے اسکی مسکراہٹ کو مزید گہرا کیا۔

وہ اسکے ہمراہ بیٹھ گیا۔

"یہ سب کیسے کروگے ؟ کمپنی تباہی کے دہانے پر ہے پیسے کہاں سے آئیں گے ؟"

اسکا انداز سرسری تھا۔لہجے میں طنز و طعنہ نہیں تھا۔

بلال نے اسکی جانب دیکھا۔مدھم روشنی میں اسکا نیم رخ نمایاں تھا۔وہ مسکرا رہا تھا۔اب کی بار رستم نے گردن موڑی۔"پیسوں کی بات مت کرو مجھ سے۔"وہ مسلسل مسکرا رہا تھا۔

"اس عمارت کو بنانے کے لیے جتنے پیسوں کی ضرورت ہے اس سے کہیں زیادہ میں ایک ویڈیو سے کما سکتا ہوں۔"

www.novelsclubb.com

ایک پبلک اسپیکر نے جتایا تھا۔ ایک یوٹیوبر نے کہا تھا۔ رستم طیار نے نہیں یہ

بلال نے سر اہنے کے انداز میں اسے تکا۔

"ہاں ہاں... فین فالونگ۔"اس نے گردن کو خم دیا۔

"تم ٹھیک ہو؟"اب کہ یہ استفسار ایک دوست کا تھا۔جس میں فکر تھی،رنج تھااور محبت تھی۔

"پانچ سال...پانچ لمبے سال گزر گئے لیکن وہ منظر آج بھی ایسے واضح ہے جیسے کل کی بات ہو۔"اسکے لب ہلے رہے تھے مگر آنکھوں کے سامنے چلتا منظر حال کا نہیں تھا۔

)لڑکھڑاتے قدم،شل ہوتا دماغ،اور خواب بکھیرتے ہوئے ہاتھ۔

سٹوڈیو کا منظر تھا۔سفید اور بلیو امتزاج کی دیواروں سے وہ تصویریں گرا رہا تھا۔کانچ،ٹوٹ کر اسکی پنڈلی میں گیا۔وہ بلبلایا...نہ ہی سسکا۔اس نے چھت پر لٹکتے بلب کو کھینچ کر فرش پر دے مارا۔ہاتھوں پر کٹ لگ چکے تھے۔خون کے قطرے فرش پر گر رہے تھے۔

"میں دستبرداری دیتا ہوں اپنے خوابوں سے۔اپنے حق سے۔اپنے فرض سے۔"

وہ ہذیانی انداز میں کہہ رہا تھا۔باہر آسمان تاریک تھا سٹوڈیو میں بھی اندھیرا چھا گیا۔

رستم طیار کا دل بھی کسی کال کوٹھری کا قیدی بن گیا۔)

"پیچھے تم نے لیے تھے رستم۔غلطی تمہاری تھی۔ قدم"

نے اسے اس بات کی یاد ہانی دی جو وہ بھول نہیں سکا تھا۔اسکی آواز سماعت بلال

تھیں۔جو کچھ اس اس ویران جگہ کو دیکھ رہی رستم کی نگاہیں اب سے ٹکرائی اور

وہی سب آج اسکو اذیت دے رہا تھا۔ تھا نے چند سال قبل بکھیرا

"میں نے انہیں خوش کرنے کے لیے...اپنے خوابوں کو ترک کیا۔انکی مرضی کے

کیا ملا مجھے؟خاموشی مایوسی اور یہ ویران جگہ۔" لیے اپنی زندگی کا راستہ بدلا۔

(رستم بلیو جینز کے ساتھ برگنڈی رنگ کی شرٹ میں ملبوس تھا۔گلے میں چین لٹک رہی تھی۔بالوں کی کٹنگ سٹائلش تھی۔ہلکی بڑھی ہوئی داڑھی۔وقت کے اس لمحے میں وہ بلکل مختلف دکھائی دیتا تھا۔

"تم یہ سب چھوڑ دو بیٹا۔"

رستم نے پیشانی پر بل لیے ماں کو دیکھا۔جو بیڈ پر اسکے ہمراہ بیٹھی اسے کہہ رہی تھیں۔

"مگر ماں...آپ فکر مند نہ ہوں۔میں کامیاب ہو جاؤں گا۔ابھی دو مہینے ہوئے ہیں مجھے کمپنی چلاتے ہوئے۔بننے میں وقت لگا تھا۔چلنے میں بھی وقت لگے گا۔"وہ انکی بات سمجھنے سے قاصر تھا۔

"میں نہیں چاہتی کہ مستقبل میں یہ فیصلہ تمہیں اذیت دے۔"وہ متفکر سی گویا تھیں۔یا ان کے لہجے میں فکر صرف اسے ہی دکھ رہی تھی۔

"مگر...ماں...."

"اگر مگر کچھ نہیں۔تم اس کمپنی کو بند کر دو اور یہ تمہاری ماں کا حکم ہے۔" یہ وار آخری تھا۔اس کے بعد رستم کے دل سے اختلاف کی سبھی جڑیں کھوکھلی ہو گئیں۔

"یہ بابا کا خواب تھا۔"

"بابا کا حکم تھا کہ ماں کا کہا ماننا۔"

یہاں رستم کی بس ہوئی تھی۔

اور اس رات کمپنی کو تالا لگ گیا تھا کیونکہ رستم کی ماں کا حکم تھا۔)

www.novelsclubb.com

"اسپیکر بننا تمہارا شوق تھا۔تم کبھی اس فیصلے پر رنجیدہ نہیں تھے۔" وہ ہر بات میں اس سے اختلاف رکھتا تھا۔

"میں نے شوق کے لیے اپنا فرض چھوڑ دیا۔"

"غلط کیا۔" وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ وہ بے چین تھا۔ اپنی کوتاہی کا اعتراف کر رہا تھا۔ لہجہ نم تھا۔

"شوق کے لیے فرض نہیں چھوڑے جاتے۔"

"شوق پورے نہ ہوں تو زندگی آسانی سے کٹ جاتی ہے۔ اور فرض چھوٹ جائیں تو کٹھن سزائیں ملتی ہیں۔ اتنی کٹھن کے زندگی گزارنا مشکل ہو جاتا ہے۔" ملال، قلق حد سے سوا ہو گیا۔

کتنی راتیں جاگ کر گزری تھیں؟ کتنے آنسو گالوں پر بہہ گئے تھے، کتنے نشتر روح میں چبھ گئے تھے وہ اسے کیسے بتاتا کہ یہ سب چھوڑنا اسکے لیے سہل نہیں تھا۔

"میں نے اپنے خوابوں کا خون بہا کیا۔ مگر کبھی بھی انہیں دفن نہیں ہونے دیا۔ مجھے اسے پھر سے زندگی دینی ہے اور اس بار مجھے خدا کے سوا کوئی نہیں روک سکتا۔" وہ پر عزمی کے اس راستے تھا پر جہاں سے واپسی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

"تم بس جو کام بولا ہے وہ کرو۔" وہ پلٹا۔

بلال نے اسے دیکھا۔اسکی آنکھیں نم تھیں۔وہ اشک خود کی غلطیوں پر ملال کے تھے۔

"میں کل ہی ورکرز کا انتظام کر کے یہاں کام شروع کروا دیتا ہوں۔"

میں اطراف پھر وہ جواب پر رستم نے زکام زدہ سانس اندر کھینچی۔ اسکے دیکھنے لگا۔

" جگہ بہت گندی ہو چکی ہے۔ایک اور کام تمہارے ذمے ہے۔ یہ"

"میں خاکروب نہیں ہوں بھائی۔" اسکا اگلا جملہ سمجھ کر وہ فی الفور بولا۔

نے حیرت سے اسے دیکھا۔ رستم

" تمہاری ویسے خاکروبوں والی ہے۔ اچھا۔۔۔ شکل"

"شکل سے کیا ہوتا ہے؟ معیاری آدمی ہوں میں۔" اس نے فخر سے کہا تھا۔

"کوئی بات نہیں میرے لیے اتنا تو کر ہی سکتے ہو۔"

رستم کے لہجے میں اب شرارت تھی۔

"میں یہ نہیں کر سکتا اسپیکر صاحب.... کافی امیر ہیں آپ۔ایک ویڈیو کے پیسے خاکروب کو دے دیجیے گا۔" وہ دور سے ہی سرخ جھنڈی دکھا رہا تھا۔

"ہی بے مروّت ہو تم۔ بہت"

بھری نگاہ اس پر ڈالی۔ تاسف

" نے ایک پلیٹ بریانی کی آفر پر ہی سارا سٹوڈیو چمکا دینا تھا۔ احسن"

www.novelsclubb.com

کی بار رستم کے لب مسکرا رہے تھے۔ اب

"احسن.... کہاں میں؟ کہاں"

نے سرد آہ بھری تھی۔ بلال

" کا میں دیکھ لوں گا۔تم کیا کر رہے ہو؟ یہاں"

"میں شادی کر رہا ہوں۔"

"کیا؟" اسکی آواز بلند تھی۔یہ کیسا جواب تھا؟

"میرے کانوں نے کچھ غلط تو نہیں سن لیا۔چٹکی کاٹنا۔" اس نے بازور ستم کے سامنے کر دیا۔

"نہیں بھئی....سچ کہہ رہا ہوں۔"

"کب ہے شادی؟انویٹیشن کارڈ کہاں ہے؟" اسکے تاثرات مختلف تھے۔بے یقینی کی انتہا تھی۔اب وہ ثبوتوں کا طلبگار تھا۔

"نہیں چھپوانا۔دنیا کو تھوڑی بتانا ہے کہ شادی ہے میری۔" وہ سکون سے بولا۔

"خفیہ شادی۔" تشویش بھری نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے بولا۔

رستم نے تائیدی انداز میں سر ہلایا۔

"تو مجھے کیوں بتا رہے ہو؟" اسکا تجسس تمام ہوا تھا۔ مطلب کے یہ مذاق تھا۔ سکھ کا سانس لیا۔

"قاضی کو تو بتانا پڑے گا ناں کہ نکاح پڑھوانا ہے۔"

"میں نہیں بابا۔ احسن تو میری جان ہی نکال دے گا۔ بلال کی آنکھوں کا تاثر بدلا۔ "وہ خوف زدہ ہو گیا۔

رستم کی نظروں میں ماضی کا وہ منظر سمایا جب بلال نے رستم سے شادی کا سوال کیا تھا اور احسن نے اس سے دوستی ختم کرنے کی دھمکی لگا دی تھی۔ اسکی بات اور اپنی سوچ کے زیرِ اثر رستم کھلکھلا کر ہنسا تھا۔ بلال نے دل ہی میں اسکی ہنسی کی نظر اتاری تھی۔

رات کے پہر اسلام آباد میں بارش کی بوندیں زمین پر گر کر پراسرار موسیقی کا سماں باندھ رہی تھیں۔

دو گھنٹوں سے مسلسل بارش کی وجہ سے سڑک پر پانی بھر چکا تھا۔ گہری تاریکی میں جہاں سڑک پر دور دور تک کوئی گاڑی دکھائی نہ پڑتی تھی اسکی بگاٹی ڈیوو سڑک پر فراٹے بھر رہی تھی۔ آج ڈیزائنز کا کام ختم کر کے وہ جیولری شاپ سے اب گھر جا رہی تھی۔ بگاٹی ڈیوو کے ٹائر سڑک پر پانی کے چھینٹے اڑاتے ہوئے، منزل کی جانب رواں تھے۔ ونڈ شیلڈ پر بوندیں تیزی سے گر کر ایک ساز پیدا کر رہی تھیں۔ وائپرز کی تیز حرکت کے باوجود بوندوں کا کھیل جاری تھا۔ بارش طوفانی تھی، اور بگاٹی ڈیوو کی سپیڈ بھی کسی طوفان سے کم نہ تھی۔ وہ کسی ماہر ڈرائیور کی طرح سڑک کے ہر موڑ کو پھسلن کے باوجود چوکنے سے پار کر رہی تھی۔

وہ اب ایک روشن سڑک پر تھی۔ بارش کے پردے میں شہر کی روشنیاں دھندلا گئی تھیں۔ وقفہ بہ وقفہ بادل گرج کر اپنے ہونے کا ثبوت دے رہے تھے۔ وہ جو سبک

www.novelsclubb.com

روی سے بڑھ رہی تھی دفعتاً اسکی گاڑی کے ٹائر چرمرائے اور بگاٹی ڈیو وغیر متحرک ہو گئی۔اس نے بیک ویو مرر میں دیکھا۔اسکی نظروں میں سڑک کنارے کھڑی ایک گاڑی آئی تھی۔جس کے پاس بارش میں بھیگتا ایک وجود ہاتھ میں ٹائر تھامے کھڑا تھا۔اس چہرے سے وہ شناسا تھی۔لبوں پر دلفریب تبسم ابھرا۔گال کے گڑھے نے اپنی چھپ دکھائی۔اس نے اسٹیرنگ گھما کر گاڑی کو ریورس کیا۔وہ گاڑی سے اتری۔سیاہ چھاتہ اوڑھے وہ سڑک کنارے کھڑی گاڑی کی جانب بڑھ رہی تھی۔اسکی سرخ ہیل پانی میں غوطے کھا رہی تھی مگر اس پل اسکا دھیان کہیں اور تھا۔

www.novelsclubb.com

وجود سڑک پر پنجوں کے بل بیٹھا اب ٹائر بدل رہا تھا۔سڑک پر روشنی کے وہ بارش کی بوندیں موتیوں کی مانند چمک رہی تھیں۔اس نے ستونوں کے برعکس اوڑھا۔ایک دم بوندوں کے برسنے کا راستہ رک چھاتہ بارش میں بھیگتے وجود پر اسے اپنے پاس کسی وجود کی موجودگی کا گیا۔وہ جو منہمک سا اپنے کام میں مگن تھا،

بے یقینی تھی۔روشنی کے ستونوں احساس ہوا۔سر اٹھا کر دیکھا۔اسکی آنکھوں میں میں وہ اس کا چہرہ دیکھ سکتا تھا۔

"میں ڈراپ کر دیتی ہوں۔"وہ آنکھوں میں ہمدردی لیے رسانیت سے بولی۔

اسکی پیشکش پر رستم کے تاثرات بدلے تھے وہ پھر سے ٹائر کی جانب متوجہ ہوا۔

"نو تھینکس۔"پیشکش رد کر دی گئی۔

کہکشاں نے بھنویں اچکائے۔"ڈیٹس گریٹ،اپنوں کو تھینکس کہنا بھی نہیں چاہیے۔"

اسکے انداز اور باتوں پر رستم کی حیرت چھپائے بھی نہیں چھپ رہی تھی۔اس بار اس نے کچھ نہیں کہا۔البتہ وہ ٹائر بدلنے کا کام ختم کر چکا تھا۔

www.novelsclubb.com

"ہو گیا۔" وہ بولا۔ لہجے میں واضح اشارہ تھا کہ اب آپ اپنا راستہ پکڑیں۔ وہ گاڑی کے دروازے تک بڑھا۔ اس سے قبل کہ وہ اندر بیٹھتا۔ ہوا میں بارش کی بوندوں کے ہمراہ ابھرتی آواز پر وہ ساکت ہوا۔

"کیا آپ پاگل ہیں؟" وہ بلند آواز میں بولا تھا۔ چھتری کی چھاؤں میں بیٹھی وہ لڑکی جو رینج روور کے پچھلے ایک ٹائر میں سے ہوا نکال چکی تھی اسکے سامنے تھی۔

صدمے کی الگ داستان اس کے پانی سے تر چہرے پر رقم ہو گئی۔

وہ اٹھی۔ ہاتھ یوں جھاڑے جیسے قلعہ فتح کیا ہو۔

" ڈراپ کر دیتی ہوں۔ میں"

پیشکش کی گئی۔ رستم نے لب کاٹے۔ سب راستے مسدود ہوتے نظر آئے۔ دوبارہ نہیں تھا جسے وہ بدل لیتا۔ دور دور تک کوئی ٹیکسی دکھائی نہ پڑتی اب تو کوئی ٹائر بھی کر وہ مسیحا بنی اب سوالیہ نظروں سے اسے تک رہی تھی۔ تھی۔ اسکا کام بگاڑ

"چلیں۔" وہ کہتے ہوئے چل پڑی۔ رستم نے اسکی پشت کو گھورا۔ ہاتھوں کی مٹھیوں کو بھینچ کر خود پر ضبط بنائے رکھا۔

وہ بگاٹی ڈیوو میں جا بیٹھی۔ جبکہ رستم برف کا مجسمہ بنا وہیں کھڑا تھا۔ اسے ہوش ہوا میں گونجتے ہارن کی وجہ سے آیا تھا۔ چند سیکنڈز میں رستم بنا کوئی سوال جواب کیے بگاٹی ڈیوو کی پیسنجر سیٹ پر آ بیٹھا تھا۔ وہ مسکرا رہی تھی اور اسکی مسکراہٹ رستم سے چھپی نہ تھی۔ کہکشاں نے اسٹیرنگ گھمایا رستم کی نظریں ان سے کچھ فاصلے پر کھڑی رینج روور پر تھیں۔

"ڈونٹ وری.... آپکی گاڑی صبح تک صحیح سلامت آپکے پاس ہو گی۔"

"اس سب کی کوئی ضرورت نہیں۔" وہ سخت لہجے میں بولا تھا۔

"میں نے میکنک کو فون کر دیا ہے وہ آپکی گاڑی لے جائیں گے۔" وہ اپنی کہے جا رہی تھی۔ رستم بس اسے دیکھتا ہی رہ گیا۔ گاڑی سڑک پر ہولے ہولے آگے بڑھ رہی تھی۔

"کہاں جانا ہے؟"اس نے بنا دیکھے سوال کیا۔رستم کے ایڈریس بتانے پر وہ سڑک کا موڑ کاٹ گئی۔

"یہاں فارم ہاؤس میں رہتے ہیں آپ؟"

"جی ...."

پرانا کوئی دوست ملا ہو۔ رستم نے لب بھینچے۔وہ یوں محو گفتگو تھی جیسے برسوں بلاتے تھے کے کے واللہ یہ وہ کہکشاں نہیں تھی جسے سب ۔

"گاڑی آپکے فارم ہاؤس آجائے گی۔"

رستم کو اس کے سوال پوچھنے کی وجہ اب سمجھ میں آئی تھی۔

"اس سب کی ضرورت نہیں ہے۔"وہ پھر سے بولا۔

"ضرورت کیوں نہیں ہے۔؟"وہ خفا ہوئی تھی۔

"ہونے والے شوہر کے لیے اتنا تو کر ہی سکتی ہوں۔"

اس بات پر رستم میاں کا چہرہ کندھاری ہو گیا۔ اور

وہ لاجواب ہوا تھا۔اب طے تھا کہ وہ کچھ نہیں بولے گا۔ باقی کا سفر خاموشی سے کٹا تھا۔ تقریباً دس منٹ بعد گاڑی روشنیوں کے حصار میں جھلملاتے فارم ہاؤس کے گیٹ کے پاس رکی تھی۔

رستم گاڑی سے اتر کر گیٹ کی جانب بڑھنے والا تھا کہ....

"سنیں۔"اس کی آواز پر رستم پلٹا۔اس نے شیشہ نیچے کیا۔

"شکریہ نہ سہی"اس نے سانس کا توقف کیا۔

"اندر آنے کو بھی نہیں کہیں گے ؟۔"اپنا پن اسکی باتوں سے ہی نہیں آنکھوں سے بھی چھلکتا تھا۔

"نہیں۔"جواب فوراً سے پہلے آیا تھا۔وہ سائیڈ ونڈو پہ ہاتھ رکھ کر جھکا۔ بھوری آنکھیں، سبز آنکھوں میں جھانک رہی تھیں۔

"میں رات کے پہر نا محرم عورتوں کو گھر آنے کی دعوت نہیں دیتا۔"اسکا لہجہ مستحکم تھا۔آواز گھمبیر اور تاثرات سنجیدہ۔

"تو محرم بنا لیجیے ناں۔"شریر لہجے میں دائیں آنکھ دباتے ہوئے وہ مدھم آواز میں بولی تھی۔رستم اس کے انداز تصادم اسکی باتوں پر ٹھٹھکا تھا۔کیا تھی یہ لڑکی؟

اس نے تاسف سے سر کو نفی میں ہلایا۔اس سے قبل کے وہ گیٹ تک کا سفر طے کرتا اسکی نظروں کا رخ اس سے دور جاتی بگاٹی ڈیوو کی جانب ہوا جو کہ طیارے کی طرح ہواؤں سے گویا تھی۔

کہکشاں غیر متوقع ملاقات اور غیر متوقع گفتگو نے اسکی رنگت کو سرخ کر دیا تھا۔کے اسکی زندگی میں آنے کے بعد غیر متوقع حالات و واقعات کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔

یہ سلسلہ کب تمام ہونا تھا؟رب جانے۔

کے کے کریئشنز۔

کے کے کریئشنز میں صبح صبح ہی گہما گہمی کا ماحول تھا۔ تمام ایمپلائز کے ذمے آج ساپوری محنت اور کہکشاں کے ڈر سے ہر کوئی منہمک لگائے گئے تھے۔ اہم کام تھے۔ رستم لگن سے اپنا کام کر رہا تھا۔ کہکشاں کے ہمراہ دو لوگ میٹنگ روم میں طیار سفید شرٹ کے ساتھ سیاہ جینز میں ملبوس تھا۔ کہنیاں میز پر رکھے، ہاتھوں متوجہ تھا۔ وہ سکرین کی جانب کی مٹھیوں پر چہرہ ٹکائے

عدیل کھگہ سکرین کی ایک جانب کھڑا تھا جبکہ کہکشاں دوسری جانب۔

"یہ ڈیزائنز ہیں۔جو آپکی ہدایات کے مطابق ہی بنائے گئے ہیں۔"کہکشاں سکرین میں نمایاں تصویروں کو دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھی۔رستم کی نظریں سکرین سے نہیں ہٹیں۔

"یہ کچھ بریسلٹس ہیں۔البتہ ٹریڈ شنل ڈریسز کے ساتھ کانچ کی چوڑیاں پہنی جاتی ہیں۔"وہ رکی رستم کی جانب دیکھا جو کہ ابھی بھی سکرین کو دیکھ رہا تھا اسی انہماک سے اسی توجہ سے۔

"مگر ڈائمنڈ جیولری بنانے والی کانچ کی چوڑیاں نہیں بنا سکتی تھی۔"وہ اب اپنے انداز میں بولی تھی۔ازلی سنجیدگی۔ازلی خود شناسی۔

www.novelsclubb.com

رستم نے گہری سانس لی۔چہرہ ہاتھوں سے اٹھایا۔

اسے دیکھا جواب پھر سے سکرین کی جانب متوجہ تھی۔

"میں ان ڈیزائنز کو سکرین پر نہیں، حقیقت میں دیکھنا چاہوں گا۔" اسکے کولیبوریٹر نے یہ مطالبہ کیا تھا۔

اسکی بات پر وہ پلٹی۔ یک دم میٹنگ روم میں سناٹا سا چھا گیا تھا۔ وہ ایسے ہی پہلے کسی کو جیولری کے سیمپلز نہیں دکھاتی تھی۔ مگر.....

"عدیل۔" کہکشاں نے اسے پکار کر اشارہ کیا تو وہ میٹنگ روم سے باہر نکل گیا۔

اس نے سکرین سیاہ کر دی۔ کرسی سنبھال کر وہ اسکے مقابل ہو بیٹھی۔ رستم موبائل نکال کر خود کو مصروف ظاہر کر رہا تھا۔

کہکشاں کی نظریں اسکے چہرے پر ٹکی تھیں۔ رستم اسکی نظریں خود پر محسوس کر سکتا تھا۔ اسکی نظروں کی تمازت سے رنگت متغیر ہو رہی تھی۔ سر اٹھا کر اسے دیکھا تو بھوری آنکھیں سبز آنکھوں سے ٹکرا گئیں۔

دل پھڑ پھڑایا۔

"آپ کو کسی نے بتایا ہے آپ کو لوگوں کو تاڑنے کی بیماری ہے۔"اس نے موبائل میز پر رکھ کر کہکشاں کے رستم کو بنا پلک جھپکے دیکھنے پر چوٹ کی۔

"اونہوں۔"وہ مسکرائی۔"تصحیح کریں... صرف حسین لوگوں کو تاڑنے کی بیماری ۔"وہ جس وثوق اور نرمی سے بولی رستم کی رنگت سرخ ہوئی تھی۔وہ سٹپٹایا۔پھر سے موبائل تھام کر خود کو مصروف کر لیا۔

اتنے میں ہی عدیل کھگہ ایک دوسرے پر تہہ لگے سیاہ غلافوں والے ڈبے تھامے میٹنگ روم میں آیا تھا۔

"باس سب ڈیزائنز آ گئے ہیں۔"اس نے ان ڈبوں کو میز پر رکھا۔رستم اب پھر سے انکی جانب متوجہ تھا۔کہکشاں نے بنا کچھ بولے تمام ڈبوں کو اسکے سامنے رکھا۔ اس میں سے ہیروں سے جڑے زیورات نکال نکال کر رستم طیار دیکھ رہا تھا۔

چمکتے ہیروں والے زیورات، کہکشاں کے ہنر کا منہ بولتا ثبوت تھے۔

رستم کے لبوں پر امنڈتا تبسم اس بات کا گواہ تھا کہ ڈیزائنز اسے پسند آئے تھے۔

عدیل کھگہ اجازت طلب کرتے ہی میٹنگ روم سے باہر نکل گیا۔

"آپ بہت ہنر مند ہیں۔" وہ تعریف کر رہا تھا۔اسکی آنکھیں ستائش بھری تھیں۔

"آپ بہت ہینڈسم ہیں۔" کہکشاں نے بھی ہو بہو اسی کے انداز میں کہا۔رستم ٹھٹھکا۔

"ہم کام کی بات کریں تو ہی بہتر ہے۔" وہ جیسے چڑ کر بولا تھا۔

گیا۔ "میں نے کام کی بات ہی کی ہے۔" دھیمے لہجے میں کہا

رستم کو کون سمجھائے کہ مقابل 'کے کے' تھی۔جو اپنی غلطی کے باوجود بھی غلطی تسلیم نہیں کرتی تھی۔

"مجھے ڈیزائنز پسند ہیں۔"

"مجھے آپ۔ اور"

www.novelsclubb.com

شتابی سے ملا تھا۔ جواب

۔ نے ماتھے پر امنڈتے پسینے کے قطرے صاف کیے رستم

"خان ٹیکسٹائل چاہتا ہے کہ پری شوٹ ہو جائے۔تاکہ کسی بھی غلطی کی گنجائش نہ رہے۔"وہ بات بدل گیا۔

اس نے تمام ڈبے بند کر دیے۔کہکشاں اٹھ کھڑی ہوئی۔

"شیور۔"

"Perfection is the part of my work"

www.novelsclubb.com

وہ وثوق سے بولی۔رستم نے تائیدی سر ہلایا۔

وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔

"اب آپ پیپرز سائن کریں گی۔"وہ اب اس لڑکی کی باتوں پر یقین نہیں کر سکتا تھا۔

"Sure ,come to my office"

وہ کہتی ہوئی چل پڑی۔رستم اپنی جگہ سے اٹھ کر اس کے تعاقب میں چل دیا۔

چند منٹ بعد وہ دونوں کہکشاں کے آفس میں بیٹھے تھے۔کہکشاں کے ہاتھ میں سفید کاغذات تھے۔جن پر وہ پنسل سے الفاظ گھسیٹ رہی تھی۔

رستم طیار اس کے مقابل بیٹھا اسکے ہاتھوں کی جانب متوجہ تھا۔اسکے گورے ہاتھوں کی انگلیوں میں سے ایک انگلی پر بس سیاہ ہیرے والی انگوٹھی تھی۔لیکن رستم کی نظر انگوٹھی پر نہیں تھی بلکہ وہ اسکے ہاتھ میں موجود قلم کو دیکھ رہا تھا۔

"لیں جی ہو گیا میرا کام۔"اس نے پین ایک طرف رکھا پھر پیپر فولڈ کر کے رستم کی جانب بڑھا دیا۔

رستم نے بے تاثر چہرے سے کاغذات تھام لیے۔

دفعتاً کہکشاں کا موبائل رنگ ہوا۔

اس نے کال لیس کرتے موبائل کان سے لگایا۔

"جی محترم۔؟"اسکے الفاظ سنتے ہی رستم نے ٹھٹھک کر اسکی جانب دیکھا۔

"میں بس....فری ہو گئی ہوں۔"وہ کرسی دھکیلتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی۔

"آرہی ہوں عبداللہ...نہ بھی فری ہوتی تو تمہارے لیے آہی جاتی۔"وہ کسی دوسرے وجود کی موجودگی سے بے نیاز ہو کر کہہ رہی تھی۔

اس نے کال بند کر کے فون کوٹ کی جیب میں اڑسا۔رستم کی تفتیشی نظریں خود پر محسوس کرتے اس نے بھنویں اچکائے۔

"وہ ایک گلاس پانی مل سکتا ہے۔"ٹائی کی ناٹ ڈھیلی کرتے وہ تھوڑا جھجک کر بولا تھا

۔

"جی جی۔۔۔شیور۔"اس نے بھی مہمان نوازی میں کسر نہ رکھی۔

"ایکچلی۔۔۔مجھے کچھ ڈیزائنز اپروو کرنے ہیں اور کچھ امپورٹنٹ کام ہے۔"

وہ دروازے کی جانب بڑھی۔

رستم کو اسکی وضاحت دینے کی وجہ سمجھ میں نہیں آئی تھی۔

"میں پانی بجھواتی ہوں۔"اتنا کہتے ہی وہ جلد بازی میں آفس سے باہر نکل گئی۔

اسکے جاتے ہی رستم اس قلم پر جھپٹا جس سے اس نے دستخط کیے تھے۔

بے یقینی کی انتہا تھی۔وہ ٹٹول کر قلم کی تفتیش کر رہا تھا۔

"نمبر ہے۔ ایک"

جب تسلی ہوئی کہ دستخط اصلی قلم سے کیے گئے ہیں بولا۔ سکھ بھری سانس لی۔ وہ تو قلم کو واپس میز پر رکھ دیا۔اب وہ کرسی سے ٹیک لگائے اسکے آفس کو بغور دیکھ رہا تھا جس کی ایک ایک چیز کو اس نے کے کے سے اس کے آفس میں ہونے والی پہلی ملاقات میں بھی ملاحظہ فرمالیا تھا۔

ورکر گلاس میں پانی لیے اندر طیار خان کے لیے ایک دومنٹ بعد رستم تقریباً جانے کے لیے تیار تھا پانی دیکھ کر مسکرایا۔پیاس تو اسے لگی ہی آیا تھا۔رستم جو کہ کہکشاں کے جانے کا منتظر تھا۔ نہیں تھی وہ تو بس

"شکریہ۔" ورکر پانی دیتے ہی باہر چلا گیا۔جبکہ چوکھٹ میں ایک وجود کی آمد پر رستم کی نظروں نے دروازے تک کا سفر کیا۔دروازے میں کھڑی سیرینہ گھنگریالے بالوں میں ایک ہاتھ کی انگلی الجھائے دوسرے ہاتھ میں سفید کاغذات تھامے مسکراتے ہوئے اسے دیکھ رہی تھی۔

وہ قدم بہ قدم چلتی ہوئی میز کے پاس آکر رکی۔"ہیلو سر...."

اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔ رستم

"سر میم کہاں ہیں۔؟" وہ میز پر کاغذات رکھتے ہوئے پوچھ رہی تھی۔لہجے میں شیرینی گھول رکھی تھی۔

"ڈونٹ نو۔" وہ جواس کو وضاحت دے کر گئی تھی رستم نے دو لفظوں میں ہی کندھے اچکا کر بات ختم کر دی تھی۔

"اوہ۔" وہ افسردہ ہوئی۔پھر بہانہ تلاشا۔

"مجھے ڈیزائنز چیک کروانے تھے۔" لٹوں کو مروڑنے کا کام عروج پر تھا۔اور آنکھیں حسرت سے پھیلی ہوئی تھیں۔جیسے کسی پرستار کو دیکھ کر اس کے فیینز کی پھیلتی ہیں۔

"سر میں آپ کی بہت بڑی فین ہوں۔آپ کے لیکچرز۔" اسکی آنکھیں چمک رہی تھیں۔اس کے اطوار سے ہی معلوم پڑ جاتا تھا کہ وہ رستم کی 'کس حد تک 'فین ہے۔

"سر کیا آپ مجھے آٹو گراف دیں گے۔؟ پلیز" وہ جس محبت اور مان سے بولی رستم انکار نہ کر سکا وہ اپنے فینز کو انکار کرتا بھی نہیں تھا۔

"شیور۔"

اسکے کہتے ہی سیرینہ کی باچھیں کھل گئیں۔آنکھوں میں خوشی ہلکورے لینے لگی۔اس نے فٹ سے وہ پیپر جن پر ڈیزائن بنا تھا رستم کے سامنے رکھ دیا۔

"اس پر تو ڈیزائن ہے۔" وہ جو میز سے کہکشاں کا ایک نمبر والا قلم اٹھا چکا تھا فوراً سے بولا۔

"سر یہ میں نے بنایا ہے۔" وہ چہک کر بولی۔نمبر بڑھوانے کی ادائیں۔

"اہمم۔۔۔اٹس سو گڈ۔"

"اسی لیے ہمیشہ کی طرح کے کے میم اسے ریجیکٹ کرنے والی ہیں۔" اسکے چہرے کی جوت بجھ گئی۔ہونٹ لٹک گئے۔

"اسکو نہیں کریں گی۔یہ واقعی بہت اچھا ہے۔"رستم نے اسکی ہمت بندھا کر دل ہی خوش کر دیا تھا۔وہ مسکراتے ہوئے دوسرا کورا کاغذ اب اسکے سامنے رکھ رہی تھی۔

"میم ہمیشہ میرا ڈیزائن ریجیکٹ کر دیتی ہیں۔"

"میرے خیال سے غلط کرتی ہیں۔"وہ بلا تامل بولا۔

"نو....نیور۔"وہ فی الفور بولی۔رستم نے اچھنبے سے اسے دیکھا۔

"وہ فلٹر ڈواٹر کو بھی گدلا کہہ دیں تو ماننا ہی پڑتا ہے۔"رستم نے اسکے تاثرات جانچے ۔اسکی آنکھیں چمک رہی تھیں۔

"کیونکہ کے کے کبھی غلط نہیں ہوتی"عجب وثوق تھا عجب مان تھا۔

یہ وہ سیرینہ بلکل نہیں تھی جو اسے شیطان کی کاپی کہتی تھی۔یہ تو کہکشاں سے مرعوب لوگوں میں سے ایک تھی۔

رستم لمحہ بھر کے لیے متحیر ہوا۔ پھر وہ سر جھٹک کر دستخط کرنے لگا۔ سیرینہ کو آٹو گراف مل چکا تھا وہ اس چیز کو لے کر خوش تھی اور رستم کو کہکشاں کے دستخط مل چکے تھے وہ اس چیز کو لے کے خوش تھا۔ یوں آج سیاہ در و دیوار والے آفس نے مُختلف نفوس کی خوشیوں کو خود میں مقید کیا تھا۔

وہ کے کے کر ئیشنز کے خارجی دروازے سے باہر نکلا۔ کوٹ حسبِ عادت بازو پر لٹکا رکھا تھا۔ آنکھوں پر سیاہ شیڈز تھے۔ دروازے پر ایستادہ گارڈ نے اسے سلام کیا جس کا جواب دیتے ہی اس نے جیب سے نکال کر سڑک پر ہلکی دھوپ میں چمکتی رینج روور کی چابی انگلی میں گھمائی۔ وہ گاڑی کی جانب بڑھ رہا تھا۔ اسکی گاڑی کے ہمراہ بگاٹی ڈیوو کھڑی تھی۔ سامنے ہی اسے بگاٹی ڈیوو کے عقب میں کھڑی کہکشاں

کی پشت دکھائی پڑتی تھی۔اسکے مقابل بدر حسین کھڑا تھا۔وہ دونوں اس کی موجودگی سے ناآشنا تھے۔رستم نے ایک سرسری نگاہ ڈال کر رینج روور کا دروازہ کھولا۔وہ گاڑی میں بیٹھنے لگا تھا جب اس کی سماعت سے بھاری مردانہ آواز ٹکرائی۔

اسکے بڑھتے قدم تھم گئے۔

"تم حد سے تجاوز کر جاتی ہو۔ہر بار..."بدر حسین بدستور کہہ رہا تھا۔رستم کی پیشانی پر بل پڑے۔رستم نے اس جانب دیکھا۔غصیلے تاثرات لیے بدر حسین اسے دکھائی دے رہا تھا۔اس کے قدم اب انکی جانب متحرک تھے۔

"تم کیا سمجھتی ہو۔؟آئی جی جی نے خان ٹیکسٹائل سے کولیب کرنا تھا۔مگر تم..."وہ حقارت سے کہہ رہا تھا۔لہجے کی تلخی اور انداز کی ناگواری محسوس کرتے رستم ہاتھ کی مٹھیاں بھینچے ایک جست میں ان تک پہنچا۔

وہ جو اسکی باتوں پر ہی طیش زدہ ہوا تھا اسکی نظر بدر کے ہاتھ پر پڑی جس سے اس نے کہکشاں کی کلائی دبوچ رکھی تھی۔

"ہاتھ ہٹاؤ بدر۔" وہ برف سے سرد لہجے میں بولا۔ کسی وجود کی یکدم آمد نے بدر کو متوحش کر دیا۔اس نے بمشکل ڈھیر سارا تھوک نگلا۔ مگر وہ اب موقف سے ہٹ نہیں سکتا تھا۔

"یہ ہمارا معاملہ ہے تم اس میں مت پڑو۔"

"کونسا معاملہ ؟ کیسا معاملہ۔؟"اس نے بدر کا ہاتھ جھٹکا۔

" اور تمہارا کوئی معاملہ نہیں ہے۔۔۔ سمجھے ؟ انکا"

کہکشاں مجسمہ بنے یک ٹک اسے دیکھے گئی۔رستم نے خاصہ جل کر کہا تھا۔ اس نے بھی اسے تکا۔ڈری اور سہمی سی کہکشاں کو دیکھ رستم کی آنکھوں سے شرارے پھوٹنے لگے تھے۔(ڈری اور سہمی ؟)

"تمہاری کیا لگتی ہے ؟جو تم اتنا بھڑک رہے ہو۔"۔بدلحاظی سے کہتے ہوئے اس نے رستم کا گریبان دبوچ لیا۔

"گریبان چھوڑو بدر"اس نے صرف کہا ہی نہیں تھا بلکہ بدر کا ہاتھ دبوچ لیا تھا۔

"اوہ.... تم اور یہ (کہکشاں کی جانب اشارہ کرتے اس نے تالی پیٹی۔)"اسکی آنکھوں میں چھپی خباثت دیکھ رستم کا خون کھول اٹھا۔

"تم گھٹیا انسان۔"

رستم نے اسے دور جھٹکا۔

"تو کیا بہن لگتی ہے تیری؟"

"سالے بہن ہو گی تیری...."وہ جس انداز اور برجستگی سے بولا اسکے عقب میں کھڑی کہکشاں نے مسکراہٹ دبائی۔

کہکشاں کی مسکراہٹ پر بدر کی آنکھیں غیر انسانی تھیں اس نے رستم کا گریبان پھر سے پکڑا۔اور یہ شاید انتہا تھی۔

رستم نے ایک زوردار مکا اس کے منہ پر جڑ دیا۔یہ اسکے لیے غیر متوقع تھا۔

بدر کے لبوں کے کنارے سے بہتے خون نے اسکی ٹھوڑی پر لکیر بنادی۔وہ سنبھلا۔ اب کی بار بدر کے چہرے پر ڈر کی الگ داستان رقم ہو گئی۔اسکی آنکھیں نیم وا تھیں۔

"دنیا گھوم رہی ہے کیا۔؟"رستم نے شاطرانہ مسکراہٹ سے کہا تھا۔

"تمہاری دنیا اب بدر گھمائے گا کے کے..."اس نے انگلی اٹھا کر کے کے کو دھمکایا تھا۔کے کے نے محض مسکرا کر ہی بدر کو آگ لگادی۔اس کی جانب پشت کر کے کھڑے رستم نے اسکی مسکراہٹ نہیں دیکھی تھی۔

بدر حسین ہونٹ پر ہتھیلی رکھے وہاں سے رفو چکر ہو گیا۔

"آپ ٹھیک ہیں۔؟"وہ فورا سے پہلے پلٹا تھا۔

"جی۔"مطمئن سا جواب۔کہکشاں نے محض اتنا کہا تھا۔اور پھر وہ رخ پلٹ گئی۔

"وہ آپ سے بد تمیزی کر رہا تھا اور آپ یوں مجسمہ بن کر کھڑی تھیں؟"رستم کے لہجے میں حیرت تھی،غصہ تھا۔

"جس کے پاس محافظ ہو وہ مزاحمت کیوں کرے؟"رستم لاجواب ہوا۔وہ اسکے ہمراہ چل رہا تھا۔بلا مقصد۔

"آپ کو کم از کم اسے جواب تو دینا چاہیئے تھا۔"وہ پھر سے بولا تھا۔

"میں کتوں سے بہتر نہیں بھونک سکتی۔"وہ جس قدر سفاکیت سے بولی رستم ساکت ہوا۔

"خدا حافظ "وہ یہ کہتے ہی بگاٹی ڈیو میں بیٹھ گئی۔رستم اسکی جگہ پر تھم چکا تھا۔دور جاتی اسکی گاڑی کو دیکھ کر سر جھٹکا۔

"جس کی زبان دو دھاری خنجر ہو اسے ہتھیار کی کیا ضرورت؟"اس نے سوچا۔ نظریں ابھی بھی اسکی بگاٹی ڈیو پر تھیں۔

کے بدلتے تاثرات پر رستم بدمزہ سا ہوا تھا۔وہ کبھی معصوم تھی تو کبھی شاطر۔ اس کبھی سنجیدہ تو مذاحیہ۔رستم اسے سمجھنے سے قاصر تھا۔اسکی سمجھ میں محض یہ آیا تھا کہ وہ جو بھی تھی رنگ بدلتی تھی۔

"گرگٹ۔"سوچ کے زیرِاثر وہ سر جھٹکتے اپنی رینج روور کی جانب بڑھا۔

---

www.novelsclubb.com

سیرینا ہوٹل اسلام آباد۔

تاریخ: اٹھائیس

وقت: شام پانچ بجے۔

آسمان پر بادلوں نے بسیرا کر رکھا تھا۔اسلام آباد کا "**سیرینا ہوٹل**" اپنے آپ میں ایک شاہکار ہے۔ لیکن اس کا سب سے منفرد اور خوبصورت حصہ وہ فلور ہے جسے "**نظارہ فلور**" کہا جاتا ہے۔اس فلور پر لنچ کرنے کو زیادہ ترجیح دی جاتی ہے۔ کیونکہ چھت سے بے نیاز،اس فلور سے نظر آنے والے قدرتی مناظر، وسیع آسمان دل کو تسکین بخشتے ہیں۔

وہ دونوں اس وقت اس فلور پر موجود تھے۔لوگوں کے ہوتے ہوئے بھی وہاں شور نہیں تھا۔وہ دونوں سیاہ شیشے کی ایک چوکور میز کے گرد بیٹھے تھے۔رستم طیار خان عام سے حلیے میں اس کے مقابل تھا۔آستینوں کو کہنیوں تک موڑ رکھا تھا۔ہلکی سبز رنگ کی شرٹ،پیشانی پر بکھرے بال، سفید پینٹ اور کلائی پر راڈو واچ۔عام سے حلیے میں بھی وہ اسکے مقابل بیٹھی،سیاہ سوٹ میں ملبوس لڑکی کو وجیہہ لگا تھا۔

وسط میں حائل میز پر کافی کے کپ تھے۔جن سے بھاپ اڑتی ہوا میں تحلیل ہو رہی تھی۔

www.novelsclubb.com

"(""مجھے آپ سے ملنا ہے۔

SERINA HOTEL 4:44 PM

رستم نے کہکشاں کو میل بھیجی تھی۔جس کا جواب اسے صبح کے دس بجے انکار میں موصول ہوا تھا۔

"میں انتظار کروں گا۔"لکھ کر سینڈ کر دیا۔اس کے بعد اسے کہکشاں کی جانب سے جواب موصول نہیں ہوا تھا۔نہ انکار نہ اقرار۔)

وہیں ختم ہونے والی گفتگو کا نتیجہ یہ تھا کہ وہ اسکے مقابل تھی۔دس منٹ سے زیادہ کا انتظار اس نے آج بھی نہیں کروایا تھا۔وہ دونوں خاموش تھے۔"ہیلو۔" کے جواب میں کہکشاں کو خاموشی ملی تھی۔

کچھ دیر تک کافی کے کپ میں چمچ چلاتے رستم اسکی موجودگی کو محسوس کر رہا تھا۔اور ساتھ ہی ساتھ اس کی نظریں رستم کو پزل کر رہی تھیں۔

دفعتاً اس کے چمچ چلاتے ہاتھ رکے۔اس نے نظریں اٹھا کر کہکشاں کو دیکھا۔وہ اسے ہی دیکھ رہی تھی۔بے اختیار سی۔

"کویوں تاڑا نہیں کرتے۔ اہم۔مادام شریف مردوں اہم"

نے گلا کھنکارا اور متبسم چہرے سے آگہی دی۔کہکشاں گڑبڑائی تھی یوں جیسے اس پکڑی گئی ہو۔رستم محظوظ ہوا۔ کوئی چوری

"کوئی بھی مرد....خاص کر حسین مرد شریف نہیں ہوتا۔"

وہ پل میں نگاہوں کا رخ بدل گئی۔ پھر پیس کر کہا۔ دانت

تھا؟وہ الجھا۔ ماتھے پر سلوٹیں ابھریں۔وہ بدصورت تھا؟یا وہ شریف نہیں اسکے

" تعریف تھی یا بے عزتی؟ یہ"

چہرہ اب متبسم نہیں تھا۔ البتہ اسکا زبان پر بے اختیار کھجلی ہوئی۔ اسکی

سے دوٹوک بے عزتی تھی۔آپ تعریف سمجھے ہیں تو یہ آپ جانب میری "
کی کم عقلی ہے۔

لہجے میں کہا۔وہ منہ پر ذلیل کر دینے میں ماہر تھی۔ ترش

سرخ ہوا۔بے عزتی اس کی زبان گنگ ہوئی۔چہرہ بے عزتی کی حدت سے رستم
شدت سے محسوس بھی ہوئی تھی۔ نے پہلے نہیں اب کی تھی۔اور رستم کو

اس کے بعد چند پل خاموشی کی نذر ہوئے۔کہکشاں کی نگاہوں کا ارتکاز ایک ہی
جانب تھا۔رستم نے اسکی نظروں کا تعاقب کیا۔دور،مارگلہ کے پہاڑ اپنی قدرتی
شان و شوکت کے ساتھ منظر کا حصہ تھے۔پہاڑوں کی چوٹیاں نیلگوں آسمان سے
مل رہی تھیں۔اسلام آباد کا سارا حسن،عمارتیں،پہاڑ،سبزہ،شفاف سڑکیں،سب
اسکے سامنے تھا۔یہ ہی وجہ ہے کہ سیرینا ہوٹل کے اس فلور کو **نظارہ فلور** کہا جاتا ہے
۔رستم نے پھر سے اسے دیکھا۔ہلکی ہوا کی بدولت اسکے بال ہل رہے تھے۔اسے
تکنے کے مراحل میں رستم کو اس کا بلاواسطہ کیا گیا انکار یاد آیا۔

"آپ تو نہیں آنے والی تھیں۔"اس نے کافی کا کپ لبوں سے لگایا۔آنکھیں سکیڑے وہ کہکشاں کو تک رہا تھا۔کہکشاں جس کی نظریں قدرتی مناظر میں الجھی ہوئی تھیں اس نے چونک کر اسے دیکھا۔بھوری آنکھوں میں بہت کچھ تھا۔

حیرت، تشویش اور ستائش۔

وہ مسکرائی۔رستم کے لیے غیر متوقع سا نحہ تھا۔

دیدارِ کھینچ لائی ہے۔ورنہ کے کے کسی کے یوں بلانے پر کہیں نہیں جاتی حسرتِ"

"۔

ہوئے بھی سرخ پڑا۔ اس نے رستم کی جانب قدرے جھک کر کہا تھا۔وہ ناچاہتے گلا کھنکارا۔کافی کا کپ میز پر رکھا۔ہاتھوں کی انگلیوں کو باہم الجھایا۔ پھر

" مجھے پلین میں کچھ چینجنگ چاہیے۔ "

الفاظ۔وہ دونوں اسی ہوٹل میں سنجیدہ لہجہ۔ہو بہو کہکشاں کا انداز۔کہکشاں کے آج سے پانچ دن قبل تھے۔وقت بھی وہی تھا۔مگر اب جگہیں بدل تھے۔جہاں آئی تھی۔ اسکے بلانے پر آیا تھا۔آج وہ رستم کے بلانے پر گئی تھیں۔پہلے رستم وہ مسکرائی۔

"جیسا آپ بولیں۔ اوکے"

رستم کی طرح سوال اس نے بھی نہیں کیا تھا۔ جواباً

"چاہتا ہوں کہ شادی کورٹ میں ہو۔ میں"

آواز مدھم تھی اور لہجہ مشّاق۔

"آپ بولیں۔ جیسا"

عجب بے نیازی تھی۔

"کو کوئی اعتراض تو نہیں؟ آپ"

www.novelsclubb.com

" والے شوہر سے کیسا اختلاف؟ ہونے"

وہ جس انداز میں بولی۔ رستم بے ساختہ مسکرایا۔

جسکی نظریں بھوری آنکھوں والے مرد پر تھیں اس نے نرم نگاہوں کے کہکشاں کو قید کرنا چاہا۔ یہ لمحہ سحر انگیز تھا۔ حصار میں اس صبیح مرد تھا۔ **"زندگی"** لمحہ یہ

اسکی مسکراہٹ سے نظریں چرائیں۔ نے کہکشاں

کی بار وہ آگے کو جھکا۔ اب

www.novelsclubb.com

" چاہتا ہوں کہ شادی خفیہ رہے۔ میں"

گھمبیر لہجے میں کہا۔

اب کے ایک دم سارے میں سناٹا چھا گیا۔آس پاس ایمبیسی روڈ کی گاڑیوں کا شور تھم گیا۔ہوا کی سرسراہٹ نے دم سادھ لیا۔کہکشاں نے متحیر ہو کر اسے دیکھا۔ رستم اسکی کیفیت کا حظ اٹھاتے اب کرسی سے پشت لگا چکا تھا۔

کہکشاں کے لب ہلے۔اس نے کچھ کہنے کی سعی کی۔مگر بظاہر وہ خاموش تھی۔مفلر میں انگلیاں الجھا کر اسے گردن کے گرد گول گول گھمایا۔

"آپ کہہ رہے ہیں تو ٹھیک ہے۔"وہ بلا تفکر بولی۔سبز آنکھوں سے حیرت ہوا ہو گئی۔سب منظر اپنی اپنی پوزیشن میں آ گئے۔گاڑیوں کا شور اسے پھر سے سنائی دے رہا تھا۔رستم نے اچھنبے سے اسے دیکھا۔اس کے لہجے میں تردد نہیں تھا۔اس کے چہرے پر خفگی نہ تھی۔وہ مکمل طور پر مطمئن لگتی تھی۔راضی اور خوش۔

رستم کے دل میں "گرگٹ" کی صدا پھر سے بلند ہوئی۔اسے کوئی پریشانی نہیں تھی تو پہلے یہ تاثر دینے کا کیا فائدہ۔؟

"شادی صرف کاغذی ہو گی۔" تیسری شرط رکھی گئی۔ کہکشاں جو اسے ہی دیکھ رہی تھی اسکے بھنویں سکڑے۔

"پیپر میرج یونو۔" شانے اچکاتے ہوئے وضاحت دی نے اسے دیکھا۔ رستم گئی۔

"اوکے جیسا آپ بولیں۔" وہ فراوانی سے بولی۔ مسکراہٹ اسکے لبوں سے جدا نہیں ہوئی تھی۔ وہ جو سمجھتا تھا کہ وہ اس سے محبت کرتی ہے یہ قبول نہیں کرے گی شاکڈ رہ گیا تھا۔ اسکی رضامندی پر رستم طیار خان کی سٹی گل ہوئی تھی۔ وہ اس کی توقعات سے برعکس نکلی تھی۔ وہ ایسی ہی تھی، الگ اور بے نیاز۔

www.novelsclubb.com

وہ پھر سے کافی پینے لگا اور کہکشاں کی نظریں پھر سے اسلام آباد کے حُسن کو سراہنے لگیں۔ رستم کی نظریں کافی کے بھرے کپ پر گئیں تو اسے پشیمانی ہوئی۔

"آپ کو کچھ اور چاہیے؟" اشارہ کافی کے بھرے کپ کی طرف تھا جسے ابھی تک چھوا تک نہیں گیا تھا۔ رستم کی جانب دیکھ کر کہکشاں نے نفی میں سر ہلایا۔

" آپ کے سوا کچھ نہیں چاہیے۔ "

عقیدت بھری نگاہیں اس پر جما کر بولی۔

اس کے بعد رستم نے چپ سادھ لی۔اس لڑکی سے کوئی بھی بات کرنا ضائع تھا۔

آسمان پر بادل دھیرے دھیرے گہرے ہو رہے تھے۔وہ کافی کے گھونٹ بھر رہا تھا اور وہ مسکراتے چہرے سے اسے تک رہی تھی۔

کبھی کبھار خاموشی گفتگو سے زیادہ پراسرار ہوتی ہے۔

خاموش لمحات جن میں وہ اسکے مقابل تھا اسے کسی اور دنیا میں لے جا رہے تھے۔وہ دنیا، جہاں الفاظ سے زیادہ احساسات اہم تھے۔

www.novelsclubb.com

کے لیے نئی صبح اپنے ساتھ بہت کچھ لے کر آتی ہے۔کسی کے لیے رنج تو کسی ہر کسی کے لیے محرومی تو لیے کامیابی۔ کے تو کسی خوشی۔کسی کے لیے ناکامی لیے قبولیت۔کسی کے لیے زندگی،تو کسی کے لیے موت۔ کسی کے

اسلام آباد کے ایک ہوٹل میں یہ صبح رنگوں بھری تھی۔اس میں خوشیاں تھیں۔ اس میں مستقبل کی کامیابی کی نوید تھی۔یہ صبح کسی کے لیے اسکی خواہش کی تکمیل کا پیغام لے کر آئی تھی تو اس صبح نے کسی کے دل میں اضطراب بھر دیا تھا۔

کی اونر کہکشاں کے ہمراہ عدیل کھگہ کے گراؤنڈ فلور میں کے کے کرئشنز ہوٹل لیڈیز تھری پیس سوٹ میں ملبوس کہکشاں نے ہاتھ پینٹ کی وہاں موجود تھا۔سیاہ سیاہ مفلر گلے میں تھا۔اور نظریں ہال کے بیچوں رکھے تھے۔ جیبوں میں ڈال ماربل فلور پر سرخ رنگ کا پر تھیں۔ ماڈلز بیچ کیمروں کے حصار میں کھڑے تھی۔سر پر سفید ٹخنوں کو چھوتی،گھیر دار فراک میں ملبوس کپڑا بچھا تھا۔ماڈل ۔لڑکے کا رکھا تھا جس پر لگے شیشے اسکے ماتھے پر گر رہے تھے چھوٹا رومال باندھ

سوٹ بھی اسکی فراک سے میل کھاتا تھا۔سفید شلوار قمیص، شیشوں سے جڑی کوٹ،اور گلے میں سندھی اجرک۔ ویسٹ

گلاس وال کے پاس کھڑے تھے۔ اور کہکشاں عدیل

"کافی اچھے لگ رہے ہیں میم۔۔ ڈیزائنز"

ماڈل کے گلے میں ڈائمنڈ کا رانی ہار دیکھ کر بولا تھا۔کانوں کے آویزے چمک وہ رہے تھے۔

کی آواز مدھم تھی۔کہکشاں نے محض سر ہلایا تھا منہ سے کچھ نہیں بولی۔ عدیل

"کیا لگتا ہے یہ ثقافتی ملبوسات والا آئیڈیا صحیح رہے گا۔؟ آپکو"

وہ اسے نہیں دیکھ رہی تھی۔اسکا ایک جتاتی نظر ڈالی۔ نے کہکشاں پر اس تصویروں کے لیے پوز دیتی ہوئی ماڈل کی جانب تھا۔ دھیان

"وہ بھی انٹرنیشنل ایونٹ میں۔؟ "

ہماری اقدار اعلیٰ نے ہاتھ جیبوں سے باہر نکالے۔"ہم پاکستانی ہیں۔ کہکشاں سبز آنکھیں اب عدیل کے چہرے پر جمی ہوئی " ہیں، ثقافت منفرد ہے۔ گورے اس شو میں جس میں شلوار قمیص والے، ساڑھیاں پہننے تھیں۔"جب ہیں تو ہم بھی شمار ہوں گے اپنے مغربی طرز کے لباس دکھا سکتے والے لوگ کیوں نہیں۔"عدیل اب بھی کچھ جز بز سا تھا۔ وہ نا سمجھی سے اسے تک رہا تھا۔ کہے گئی۔"ہم اس بات سے ڈرتے ہیں کہ ہم ترقی پذیر ملک کے لوگ ہیں کہکشاں وصولی کے جواب ۔ہم ان سے نہیں جیت سکتے۔؟"اس نے اور وہ ترقی یافتہ خاموش تھا۔"ہم چاہتے ہیں کہ ہم پر نظر جمائے رکھی۔عدیل لیے عدیل ؟" مغربی طرز کے لباس بنائیں۔وہاں پیش کریں اور جیت جائیں۔

کی مدھم روشنی اسکی پشت پر گرتی تھی۔ سورج

" جیت سے غرض ہے۔ہماری قدروں کا کیا۔؟ ہمیں"

www.novelsclubb.com

ساکن تھا۔اس نے اپنی بات جاری رکھی۔"میں رستم کی اس بات سے عدیل اسکا نظریہ اچھا لگا۔آجکل جب مقامی لوگ بھی اپنے علاقائی بلکل متفق تھی۔مجھے دیتے ہم اسے پوری دنیا کے سامنے پیش کریں گے۔ طرز کے کپڑوں کو ترجیح نہیں کے مدھم سا مسکرایا۔بات اسکی سمجھ "سبز آنکھوں میں چمک تھی۔عدیل اب میں آنے لگی تھی۔

" گے۔ لگائی۔امید ہے کہ ہم جیتیں نے محنت کی۔۔۔۔جان ہم"

بدلا۔ س نے رخ ا

جیتے تو زیادہ سے زیادہ کیا؟" پھولوں بھرا باغیچہ اب اسکے سامنے تھا۔"اگر نا بھی رخ دیکھ سکتا روشنی اسکے چہرے کو دمکا رہی تھی۔عدیل اسکا نیم سورج کی مدھم متحیر اور ساکت تھا۔ ۔وہ اسکی آنکھوں میں الجھن تھی تھا۔

